سینیٹر محمد اورنگزیب (وزیر برائے خزانہ و ریوینو): شکریہ، جناب چیئرمین! سینیٹر صاحبہ نے جو point raise کیا ہے، وہ بالکل درست ہے کہ Public Finance Management Act, 2019 کے تحت public entities and their prudent management کا نظام آیا تھا۔ In pursuance to that, there was going to be a notification اور اس کے بعد commercial and non-commercial entities کی بات ہونی تھی اور پھر آخر میں issuance of guidelines کی بات ہونی تھی لیکن over the period of time, the SOE Act, 2023 is now in place which the Government enacted in February, 2023. سینیٹر صاحبہ practically وہی ہوا ہے جو Public Finance Management Act, 2019 کے تحت ہونا تھا۔ آپ جو یہاں commercial and non-commercial entities دیکھ رہی ہیں، these are sub-set of the public entities which were to be notified under the PFMA, 2019. کچھ ادارے ایسے ہیں جو اس میں موجود نہیں ہیں۔ آپ کی بات درست ہے کہ ان میں اکثریت essentially are training and research institutes. I think at this point in time, we have practically moved in the same direction کیونکہ under the SOE Act, 2023 بھی یہی ہوگا کہ governance principles کیا ہوں گے اور ان public entities پر کون سی چیز مطلق ہو گی۔ The Finance Division has moved into the Cabinet Division under the PFMA, 2019, but practically speaking, under the SOE Act, 2023 یہ چیزیں ہو چکی ہیں جن کے لئے 2019 کے ایکٹ کے تحت بھی آگے جانا تھا۔ اس کے علاوہ آپ کے further جتنے بھی questions ہوں گے، ہم ان کے جوابات دیں گے

but under the SOE Act, 2023 we get there, thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر صاحبہ۔

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: منسٹر صاحب آپ کا شکریہ کہ آپ نے بڑی detailed and essential working کی ہے اور سینیٹ کو اور مجھے بڑا مفصل جواب فراہم کیا ہے۔ اگر ایوان ذرا in order ہو جائے کیونکہ باہر lobby میں گفتگو ہو سکتی ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ under the Public Finance Management Act, 2019, requirement یہ تھی کہ جتنا بھی revenue generate ہو۔۔۔۔سینیٹر ناصر محمود بٹ صاحب اگر تھوڑا خاموش ہو جائیں کیونکہ آپ کی توجہ بھی چاہیے ہوگی۔ Public Finance Management Act, 2019 کو پڑھنے کے بعد جو بنیادی مقصد نظر آیا، وہ یہ تھا کہ کوئی بھی ادارہ جو کسی بھی قسم میں revenue collect کرتا ہے، چاہے وہ trust ہو یا Federal Government کے لئے revenue دیا جائے یا کسی اور طریقے سے cess or tax لگائیں یا کوئی fund ہو تو یہ تمام پیسا جو حکومت کا پیسا ہے، تو یہ SPS account میں جائے گا یا public account میں جائے گا۔ وزارت خزانہ میں ایک procedure ہے جو بہت اچھے طریقے سے وضع ہوا ہے، وہ پیسا واپس draw کیا جائے گا۔ اسی اصول کے تحت، میں اصول کی بات کر رہی ہوں، قانون 2019 میں آیا، اسی اصول کے تحت ہم نے 2014 میں Universal Services Fund and Research Renovation Fund کا تقریباً 70 ارب سے زیادہ پیسا Federal Consolidated Fund اور پھر public account میں رکھوایا تاکہ وہی پیسا دوبارہ حکومت قرضہ لے کر پرائیویٹ بینکوں سے multiple times interest دے کر واپس نہ لے۔ اس testament کو سامنے رکھتے ہوئے جب ہم یہ Finance Act پڑھتے ہیں تو وہ یہ بتاتے ہیں کہ public entities یہ پیسا، جو بھی ان کے پاس جس form میں بھی آیا ہے وہ SPS یا public account میں transfer کر دیں۔

SOE Act میں یہ شق اتنی مفصل طریقے سے موجود نہیں ہے۔ اگر دونوں قوانین کی harmonization ہونے کی ضرورت ہے تو وہ کر لی جائے۔ اگر 2019 کے قانون کو ختم کرنا ہے اور 2023 میں لے کر آنا ہے تو وہ کر لیا جائے کیونکہ میرے سامنے دو مثالیں بڑے واضح

طور پر آئی ہیں۔ ایک مثال Abundant Properties Act کی آئی جب 14 ارب روپے کو invest کرنے کا اختیار Finance Act کے ذریعے دیا گیا جبکہ وہ 14 ارب روپے، technically speaking, according to the Public Finance Act or unless there is an exception, اگر exception ہے تو ضرور لیکن لسٹ ہی موجود نہیں ہے تو پھر exception کی کیا بات ہو سکتی ہے۔

آج بھی جو بل lay ہو رہا ہے، جس پر ہم بعد میں بحث کریں گے، اس بل میں بھی یہ شق دی جا رہی ہے کہ جو پیسا ٹیکس کی مد میں accumulate ہوگا یا کسی بھی form کے تحت فنڈ کی مد میں accumulate ہوگا تو وہ بھی وہی authority اپنے پاس رکھے گی۔ قوانین کی harmonization کی ضرورت ہے۔ وزیر صاحب سے میری گزارش ہوگی کہ اگر وہ مجھے بتا دیں کہ کیا پھر ہم یہ سمجھیں کہ 2019 کا قانون موجود ہے یا نہیں۔ اگر موجود ہے تو پھر براہ مہربانی ہمیں لسٹ ملے گی یا ہم اس SOE Act کو ہی Public Finance Management Act کے طور پر پڑھیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance): I think Senator Sahiba herself understands, was very much part, when this Public Finance Management Act was enacted. A lot of transition has been done in Act 2023

لیکن آپ کی بات اس حد تک بالکل درست ہے کہ جو اس میں discipline لانا تھا اور جو DSA کے ذریعے لایا گیا ہے تاکہ حکومت جو borrowing کرتی ہے that should be done on a net basis کہ جو deposits پڑے ہیں، جو services account ہیں ان کو جو حکومتی ادارے ہیں یا SOEs ہیں، ان کا deposit دیکھا جائے، پھر اس کو net off کیا جائے جو borrowing requirement ہے۔ وہ کافی حد تک enact ہو چکا ہے، نمبر ا۔

No. 2, we now have a clear line of sight even in those institutions where the cash is lying but

وہ PSC regime میں نہیں آئے ہیں، ہم وہ بھی اس side پر لے کر جارہے ہیں لیکن یہ جو آپ نے بات کی ہے کہ SOE Act, 2023 کے ہوتے ہوئے 2019 کی اس Act کی ضرورت ہے یا نہیں، I think this is something which I will take away. Your point is well taken. But otherwise I think in letter and spirit we are enacting what the Act, 2019 mentioned. Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی انوشہ رحمان صاحبہ۔

Senator Anusha Rahman Ahmad Khan: My point is that now what happens eventually when we have an SOE then there is an entire regime that governs the SOE, and that regime is the Board of Governors. So now, Minister Sahib, in the meeting of the Senate Standing Committee on Commerce, held on the day before yesterday, the Trade Development Authority of Pakistan (TDAP) refused to a Senator coming from the House of the Senate, as a Board Member on the pretext that TDAP is an SOE. Even by definition the SOE in your annexure that you have provided, Trade TDAP is not an SOE. However, on that ground, on a presumption I would say so, they had decided not only to remove honourable Senator Faisal Rehman Sahib from the TDAP Board, but they also refused to accept Senator Bilal on the Board. Now this was a very embarrassing situation that was witnessed in the Senate Standing Committee on Commerce.

The Senate Standing Committee on Commerce taking an exception to the decision of TDAP, actually overruled the submission made by the Ministry of Commerce and TDAP. Now one such example where honourable Senator like Saleem Mandviwalla Sahib is sitting, I am sitting, we are in a position to question the

Ministry, I don't want that such an embarrassing situation continuously arises and people just because they are ignorant about the fact, are embarrassed on this account. So could we then expect from your kind-self to have a clear understanding sent out to….

جناب ڈپٹی چیئرمین: معذرت کے ساتھ، انوشہ صاحبہ! اپوزیشن سے بھی سوال لیتے ہیں، تھوڑا سا مختصر کریں۔

Senator Anusha Rahman Ahmad Khan: This is my last supplementary question. Can we have a clear direction given out from the Finance Ministry that who are the entities because I would not want people to get embarrassed on this account. Thank you so much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب (وفاقی وزیر برائے خزانہ): میں مختصراً اس کا جواب دوں گا۔ This is not the Finance Committee. This was Cabinet Committee on SOEs. That is why all of this goes in کہ کون سی strategic SOEs ہیں، کون سی essential SOEs ہیں اور کون سی entities ہیں are going to be moved into the privatization, into the private sector. آپ کے اس point کو ہم ضرور دیکھ لیں گے۔ جو strategic and essential SOEs ہیں، we will go with the governance enacted under the SOE Act, 2023, which means the majority of the governance in those Boards, is going to be private sector. The political appointees and the government nominees are going to be in minority. TDAP اس میں آتا ہے، نہیں آتا، اس کو ہم ضرور دیکھیں گے and the Cabinet Committee on SOEs has nothing to do with the Finance Ministry. Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Question No. 85, Senator Muhammad Abdul Qadir Sahib.

چونکہ سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب ایوان میں موجود نہیں ہیں، اس کے سوال کو پیش کیا گیا تصور کیا جاتا ہے۔

*Question No. 85 **Senator Mohammad Abdul Qadir:**

*Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:*

*(a) whether it is a fact that the banks overcharged the dollar price by Rs.15-25 per Dollar as against its market price from the importers during the period from January to December, 2022, if so, the details thereof; and*

*(b) whether it is a fact that the Government had ordered inquiry in the said issue, if so, the details and current status thereof?*

**Senator Muhammad Aurangzeb**: (a) USD / PKR exchange rate came under extreme pressure in the mid of CY22 when PKR hit an all-time low. Further, foreign exchange (FX) rate volatility increased by multiple times during the period from January 2021 to August 2022.

Primary reasons for pressure on PKR were widening of Current Account Deficit (USD 17.4 billion FY22 versus USD 2.8 billion FY21), depletion of Net Foreign Exchange Reserves of SBP from USD17.7 billion as on 31-12-2021 to USD 9.8 billion as on 30-06-2022, global strengthening of USD, high prices of energy products and political un-certainty.

Moreover, during this period there was a shortage of FX liquidity in the market. Collectively these factors led the banks to charge higher spreads in most of the cases.

(b) On the basis of customers' complaints of charging high spreads on FX sale / purchase transactions, SBP carried out an assessment of selected banks active in FX market.

Based on the findings of assessment, enforcement actions were taken against delinquent banks, which also include imposition of monetary penalties. Further, banks were also warned to improve their pricing practices and rationalize their spreads.

State Bank of Pakistan has moved to market based foreign exchange (FX) regime, in which the spread charged on FX sale /

purchase transactions is generally determined by the banks on the basis of market conditions like FX liquidity position, volatility in FX rate, etc.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر ۸۶، سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب۔ چونکہ سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب ایوان میں موجود نہیں ہیں، اس کے سوال کو پیش کیا گیا تصور کیا جاتا ہے۔

*Question No. 86 **Senator Mohammad Abdul Qadir:**

*Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the amount in rupees of domestic borrowing of Government from the local banks as on 31st December, 2023 indicating the law / rule of State Bank of Pakistan which determines the ratio of loans by those banks to the Government and private sector?*

**Senator Muhammad Aurangzeb**: The Net Domestic Borrowing of Government from banks as on December 31 2023 is Rs. 20,712.776 million.

Further, there is no specific State Bank of Pakistan regulation, which determines the ratio of loans by banks to the government and private sector.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سوال نمبر ۸۷۔

*Question No. 87 **Senator Samina Mumtaz Zehri:**

*Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the details of share value of M/s Nestle Pakistan Ltd. on Pakistan Stock Exchange since 2010 with year wise breakup?*

**Senator Muhammad Aurangzeb**: Nestle Pakistan Ltd.'s share value (weighted average share price) details for each year-end since 2010 are as follows:

| As of 31st December | Weighted Average Share Price (Rs.) |
|---|---|
| 2010 | 1,756.06 |
| 2011 | 3,589.92 |
| 2012 | 3,909.76 |
| 2013 | 6,708.82 |
| 2014 | 9,367.09 |
| 2015 | 10,029.60 |
| 2016 | 7,629.59 |
| 2017 | 10,450.59 |
| 2018 | 11,409.64 |
| 2019 | 7,182.83 |
| 2020 | 6,644.94 |
| 2021 | 5,886.48 |
| 2022 | 5,743.32 |
| 2023 | 6,911.23 |

As on August 15, 2024, share value (weighted average price) is Rs.7,314.69.

As on August 15, 2024, closing market price is Rs.6,800.00.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: Sir, I wanted more details on this question. This answer is not sufficient enough. Sir, it says that will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the details of share value of M/s Nestle Pakistan Ltd. on Pakistan Stock Exchange since 2010 with year wise breakup. Sir, I would want more details on this question from the Minister at his possible.

سینیٹر محمد اورنگزیب: سینیٹر صاحبہ ! سوال پوچھنا آپ کا prerogative ہے۔ یہ جو سارا data ہے، Securities and Exchange Commission is a listed company. You can just go and look at it کہ اس کی share price کی movement کیا ہے۔ آپ نے ذکر کیا تھا کہ 2010 سے لے کر اب تک اس کی کیا share price movement رہی ہے، جو ہم نے آپ کے سامنے پیش کر دی ہے۔ Closing market price جو 15 اگست کو تھی، وہ 6,800 روپے ہے۔ It is a private sector. It is a listed company, so I just want to understand what is exactly that you are looking for.

Senator Samina Mumtaz Zehri: If I had got a little bit more detailed answer regarding the breakup just not the numbers itself….

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: دنیش صاحب ! آپ کو وقت دیتے ہیں، پہلے ان کو سوال کرنے دیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: The concerned Minister should reply.

جناب ڈپٹی چیئرمین: ضرور۔ ایک مرتبہ یہ کر لیں، سینیٹر دنیش کمار صاحب ! اس کے بعد آپ کو دیں گے۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: میں حاظر ہوں لیکن مجھے آپ نے بتانا ہے کہ آپ کو اور کیا detail چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر دنیش کمار صاحب، ضمنی سوال کریں۔

سینیٹر دنیش کمار: Stock exchange سے متعلق سوال ہے، stock exchange پاکستان میں موجود ہے اور Finance Ministry کی تھوڑی بہت monitoring ہوتی ہے۔ اس پر میرا ایک سوال بنتا ہے کہ Nestle Pakistan Limited بہت بڑی، اچھی کمپنی ہے کیا وجوہات ہیں کہ 2010-12 میں تو اس کے shares آسمان پر تھے لیکن اب کیوں نیچے آئے۔ ایسا کیا ہے جو ہماری economy تباہ ہو رہی ہے کہ جو ملٹی نیشنل کمپنیوں کے shares بھی گر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب، ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: میں تو سینیٹر صاحب کو یہی کہوں گا کہ۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House.

سینیٹر محمد اورنگزیب: stock exchange میں اتار چڑھاؤ رہتا ہے اور it goes up and down, 2010 میں یہ 1756 rupees, آپ صحیح کہہ رہے ہیں it went up to whatever ten thousand, now it's about 6800 لیکن آپ نے اس کو relative to the stock market بھی تو دیکھنا ہے۔ آپ نے صرف ایک کمپنی کا share تو نہیں دیکھنا ہے، No.1. No. 2, I do agree with the respected Senator, it is a private sector company یا تو کوئی ایسی چیز ہو جس کی وجہ سے آپ نے یہ سوال اٹھایا ہے، بتایے جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری صاحبہ۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: I really appreciate the fact that Ministers take out the time from their busy schedules and they come here to answer the questions, but I would request that just one Minister is present every time either Mr. Azam Sahib is there to answer all questions that are brought into the House. Last time our Bills were also deferred, that were our pending Bills on Monday Private Members Bills Just because Mr. Azam sahib was not here. Either he is handling the House, or you are handling the House for the finance. The concerned Ministry should be here to answer the questions and there should be various Ministers available for the House, thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سرمد صاحب۔

سینیٹر سید سرمد علی: مجھے سمجھ نہیں آرہا ہے کہ یہ سوال کیوں کیا گیا ہے۔ اس لیے کہ یہ ملٹی نیشنل کمپنی ہے، stock exchange میں listed ہے، private entity ہے۔ اس کا

سینیٹ سے کیا تعلق ہے، it is not related to our Business, اور اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس قسم کے سوال کرنے کی اور اس کا جواب بھی دینے کی میرے خیال میں کوئی ضرورت نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی دنیش صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: ہم آپ کے حکومتی اتحادی ہیں، آپ ہمیں کس طرح سے نشانہ بنا رہے ہیں اور انہوں نے اگر بنایا۔ سینیٹر انوشہ رحمان صاحبہ نے تین سوال کیے ہیں، ان کا حق ایک کا تھا، آپ نے کیوں دیا اور انہوں نے کوئی 20 منٹ لیے ہم نے اعتراض کیا۔ اگر ان سے غلطی ہوئی ہے تو ان کو چاہیے کہ اس طرح کا اعتراض نہ کرے۔ میں یہ بتا رہا ہوں کہ ہم ان کے اتحادی ہیں اور یہ اس طرح کا رویہ رکھیں گے تو ہماری زبان بھی کھلی ہے، ہم بھی بولیں گے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دنیش صاحب۔

سینیٹر دنیش کمار: کیوں سینیٹر انوشہ صاحبہ کو اتنا وقت دیا، چار چار سوال اس کے لیے، اگر محترم نے غلط کیا ہے، منسٹر صاحب نے کہہ دیا، تو شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار بننے کی کیا ضرورت ہے ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: اتنا اچھا ماحول ہے دنیش صاحب آپ خواہ مخواہ اس میں جذباتی ہو رہے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: سر یہ غلط ہے، ہم ان کے اتحادی ہیں اور یہ ہمارے ساتھ اس طرح نہ کریں۔ اگر یہ اس طرح سے ہماری معزز بہن کو کہیں کہ یہ فضول سوال ہے تو ہمیں بھی پتا ہے کہ اس طرف سے کیسے فضول سوالات آتے ہیں، ہم بھی کہیں گے کہ یہ کیسے فضول سوال کر رہے ہیں۔ اس طرح سے نہ کریں، اس ماحول کو خراب نہ کریں اور شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار نہ بنیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی دنیش صاحب، ان شاءاللہ اگلی مرتبہ آپ سے بھی چار سوال لیں گے۔ چلیں ہو گیا ہے۔ جی کوئی issue نہیں ہے، آپ اتنے جذباتی ہو گئے۔ جی سوال نمبر 88 سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور صاحبہ۔

سینیٹر منظور احمد: جو سینیٹر ثمینہ ممتاز صاحبہ نے سوال کیا، honourable Minister Sahib نے اس کا جواب بھی دیا۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: بڑی تسلی سے جواب دیا۔

سینیٹر منظور احمد: بڑی تسلی سے دیا لیکن بیچ میں یہ میرے بھائی ہیں سینٹر صاحب ہیں، میں کافی احترام کرتا ہوں ۔جیسے کہ سینیٹر دنیش صاحب نے کہا کہ ہم اتحادی ہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمیں یہاں ایک دوسرے کو سننا ہے، آپ سے میں نے dictation نہیں لینا کہ آپ جو بات کرو گے ہم اس dictation پر چلیں گے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جس نے بھی بات کرنی ہے وہ Chair سے مخاطب ہو۔

سینیٹر منظور احمد: جو right ہے وہ بات ہو گی، سوال پوچھنے میں کوئی بری بات نہیں ہے۔ یہاں سب سوال پوچھتے ہیں لیکن یہ dictate کرنے والا رویہ قابل مذمت ہے اور یہ اپنے الفاظ واپس لیں۔ جو اس نے بات کی ہے اگر وہ واپس نہیں لیں گے تو میں walk-out کروں گا۔

(اس موقع پر سینیٹر منظور احمد ایوان سے واک آوٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: منظور صاحب براہ مہربانی۔

(مداخلت)

*Question No. 88 **Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur:**

*Will the Minster for Finance and Revenue be pleased to state:*

*(a) the amount of agricultural loan provided to the farmers during the last five years with year wise break up; and*

*(b) the criteria laid down for provision of micro credit to the small land owners/ farmers indicating also the minimum limits of tax and land holdings for the same?*

**Senator Muhammad Aurangzeb**: (a) SBP plays a leading role in provision of financing needs to the agriculture sector due to its significance for economic growth, employment and food security in the country.

SBP took a number of initiatives during last five years to increase access to agriculture credit to farmers across the country.

As a result of these initiatives, agriculture credit disbursement increased by 82.4 percent from Rs. 1, 215 billion in June 2020 to Rs. 2,216 billion as of end June 2024, Year wise break-up for last five years is as under:

| Year | Disbursed Amount (Rs billion) |
|---|---|
| FY 20 | 1,215 |
| FY 21 | 1,366 |
| FY 22 | 1,419 |
| FY 23 | 1,776 |
| FY 24 | 2,216 |

(b) Commercial and micro-finance banks may extend collateral free (clean) loans to small farmers as per their credit policy. However, there is no requirement from the SBP for holding a certain size of land to be eligible for getting micro-credit from commercial or micro-finance banks.

جناب ڈپٹی چیئرمین: معزز سینیٹر ڈاکٹر زرقا صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب! آپ کا House Order آ جائے، بات یہ ہے کہ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دنیش صاحب براہ مہربانی، جی ڈاکٹر زرقا صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب! House ابھی in Order ہی نہیں ہے انسان کیا سوال کرے۔۔۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House. Question No.88. Answer taken as read.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب اس میں میرا supplementary یہ ہے، کہ اس میں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم farmers کو loans دیتے ہیں اور farmers کو ہم subsidies دیتے ہیں۔ اس حوالے سے میرا supplementary یہ ہے کہ یوریا بنانے کے لیے gas factories کو دیتے ہیں، پر یہ farmers subsidies کے نام پر دی جاتی ہے پر ملتی یوریا بنانے والی factories کو ہے اور farmer کو اس کا کیا فائدہ ہوتا ہے تو ہم اس قسم کے smoke screen بناتے ہیں۔ اس کا کیا طریقہ ہے کہ آپ private companies کو subsidies دیتے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ یہ آپ نے farmers کو دی ہیں۔ So, we want to know that how does that urea subsidy, جو factories

how does it translate for ease for the farmer. کو جاتی ہے،
Thank you.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: جو ڈاکٹر زرقا نے یہ سوال پوچھا ہے کہ about agriculture یہ بالکل درست بات ہے کہ agriculture is a real liver of growth for Pakistan. دیکھیں، پچھلے fiscal year میں بھی ڈھائی فیصد سے ہماری economy نے grow کی تھی۔ ہماری بچت agriculture سے ہوئی by having a growth rate of more than 6 percent. سوال تو ان کا financing کے بارے میں تھا جو I think کہ بہت مفصل طریقے سے اس کا جواب دیا گیا ہے کہ more than 80 percent increase in financing and I can also assure Dr. Sahiba کہ ہم نے اس سال بھی جو گورنر صاحب سے بات کی ہے کہ ہم نے اس agricultural financing کو اس سے زیادہ بڑھانا ہے تاکہ not only in terms of the large farmer but also the money going into the small farmers. Because that's where it is required and not only that, Dr. Sahiba! the dairy and livestock financing because we forget that when we talk about agriculture and agriculture financing تو ہم سوچتے ہیں کہ یہ صرف crops کی بات ہے۔ Dairy and livestock is close to 60 percent of the country's agriculture GDP. تو اس لئے especially جو small farmer ہوتا ہے اس کی جو sustenance آتی ہے، وہ یہ ہے کہ جو وہ crop اُگاتا ہے یا اُگاتی ہے اور اس کے ساتھ جو وہ چار یا چھ جانور رکھتا ہے یا رکھتی ہے،
the combination of that makes it sustainable for a small farmer.

تو اس لیے ہماری یہ بھی کوشش ہے کہ banks کے ذریعے dairy and livestock financing کو بھی آگے لے کر چلا جائے۔ اس میں micro credit بھی ہے۔ جو آپ نے باقی fertilizers کی بات کی ہے، ہم اُسے ضرور review کریں گے۔

This is a subject for Minister for Petroleum in terms of how he takes it forward. But your point is well noted.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، کسی اور نے اس حوالے سے سوال کرنا ہے؟ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب، میرا اس میں ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ جو agriculture loans ہیں، اس میں انہوں نے increase بھی بتائی اور انہوں نے بتایا کہ اس میں 80 percent increase ہیں۔ اس کا ذرا breakup تو بتادیں گے۔

(اس موقع پر سینیٹر منظور احمد ایوان میں واپس تشریف لائے)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: Agricultural loans کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ 80 percent increase ہے۔ اس میں صوبوں کے حوالے سے breakup بتادیں کہ صوبوں کا کیا share تھا اور اس میں ان کا breakup increase کیا ہے؟ کیا اس میں صوبوں کا رقبہ relevant ہے یا صوبوں کی آبادی relevant ہے؟ کیا اس میں جو آپ raw material جیسے کہ گیس ہے، جب ہم انہیں دیتے ہیں تو کیا اُس کے ساتھ اس کا کوئی تعلق بنتا ہے یا نہیں؟ اُس کے against صوبے کو کیا ملتا ہے؟ جناب! مجھے یہ سب کچھ پوچھنا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: جناب والا! سینیٹر صاحب کا جو سوال ہے وہ بہت مناسب ہے یہ because for the longest time this has been talked about جو Specially around agriculture ہے۔ agriculture credit پنجاب اور سندھ میں اس کا کیا share ہے اور بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں اس کا کیا share ہے۔

سینیٹر صاحب یہ دو سال پہلے Governor State Bank کی سربراہی میں agriculture credit Committee ہے اس میں مختلف Banks کو کہا گیا کہ جو صوبے ہیں آپ ان پر focus کریں on the agriculture extension and extension of credit. میں یہ اس لیے بات کر رہا ہوں کہ میں جو bank چھوڑ کر آیا ہوں اس bank کو یہ کہا گیا کہ آپ بلوچستان پر focus کریں۔ آپ کی یہ بات بالکل ٹھیک ہے کہ

جب ہم کسی چیز پر focus کرتے ہیں rather than just talking generically میں آپ کو یہ بتا سکتا ہوں agriculture financing into Balochistan over the last two years. اس وقت میرے پاس وہ figures نہیں ہیں لیکن میں وہ آپ کے ساتھ share کروں گا has gone up multiple times in terms of way two years back. آپ نے یہ جو provincial پر focus کی بات کی ہے یہ at the State Bank level and at the Bank level بالکل موجود ہے، شکریہ۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اس کی کیا relevance ہے، ہم 42,43% ہیں۔ اس میں رقبے کی کیا relevance ہے اور وہ جو گیس اس کے لیے ہم جو raw material دے رہے ہوتے ہیں، اس کا کیا relevance ہے۔ اس سوال کا جواب نہیں آیا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: وہ تو ایک larger subject ہے، آپ جو بات کر رہے ہیں in terms of way the resources are coming from and where the resources are again deployed. It's not necessary just limited to agriculture. You are asking a larger question. میرے پاس اس کا ابھی جواب نہیں ہے. but I will come back to you.

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ جناب چیئرمین! سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب نے بہت اچھا سوال کیا ہے۔ میرے خیال سے ہم نیا سوال کریں گے تو آپ اس کا جواب دے سکیں گے۔

وزیر صاحب آپ سے میرا سوال ہے اور اسی سے تھوڑا related ہے، agriculture سے related نہیں یہ دوسری banking کے حوالے سے ہے۔ بلوچستان کا ایک علاقہ اوستا محمد، نصیر آباد ڈویژن ہے وہاں پر آپ کو پتا ہے کہ یہ agriculture area ہے۔ وہاں پر rice mills اگر banks سے OD لیتی ہیں تو انہیں بلوچستان کے حوالے سے کم ملتا ہے۔ اوستا محمد کے ساتھ ہی شہداد کوٹ شہر بھی ہے اگر اوستا محمد والوں کو پانچ کروڑ کی OD دی جاتی ہے تو شہداد کوٹ والوں کو تیس کروڑ کی OD دی جاتی ہے۔ Total اگر آپ دیکھیں، جو banks پاکستان کے level پر credit دیتے ہیں، بلوچستان کے لیے 2% بھی نہیں ہوتا۔ میری آپ سے تجویز ہے

کہ آپ مہربانی کرکے اس پر نظر ثانی کریں اور concerns کو بلائیں یہ بلوچستان کی عوام کے ساتھ حق تلفی ہو رہی ہے۔ اگر آپ نے اس مسئلے کو حل کیا تو یہ سارا credit آپ کو جائے گا، شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: بالکل جناب! Noted, we will take care of it. Thanks.

Mr. Deputy Chairman: Yes, next question No.89, Senator Mohsin Aziz Sahib.

*Question No. 89 **Senator Mohsin Aziz:**

*Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state the details amount collected by FBR up to July 2024, by deducting Rs. 01 fee on each invoice, point of sale (POS) services fee indicating also the utilization of the same?*

**Senator Muhammad Aurangzeb**:

- Chargeability of POS fee is governed under section 76 of the Sales Tax Act 1990 which was introduced in the Finance Act 2021. This charge is collected by 10,345 Tier-1 retailers (out of total 250,000 registered retailers) integrated with the Board's computerized system (POS) for real-time reporting of sales and monitoring of their sales quantum.
- The detail of amount collected by deducting Rs. 01 fee on each invoice, point of sale (POS), is as follows:

| Duration | Amount of POS fee Collected (Rs.01/- per invoice) |
|---|---|
| July 2023 to July 2024 (13 Months) | Rs. 647,319,302/- |

- The funds so generated out of the fee are to be utilized for funding the infrastructure development, prize scheme for the customers of integrated Tier-I Retailers, capacity enhancement of Board's POS related technical, logistic and field teams, fuel subsidy allowance, media campaign and welfare of IRS employees.

- The total amount utilized till July 2024 is Rs. 309,337,000/-.

| Utilization upto July 2024 |
|---|
| Rs. 309,337,000/- |

Mr. Deputy Chairman: Any Supplementary?

سینیٹر محسن عزیز: شکریہ جناب چیئرمین! مجھے سوال نمبر 20 کا ابھی تک معلوم نہیں ہوا، وزیر صاحب ابھی تک تشریف کیوں نہیں لائے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب board کی meeting میں ہیں، انہوں نے گزارش کی ہے کہ board کی meeting کے بعد۔۔۔

سینیٹر محسن عزیز: ویسے ان کو rules کے مطابق اطلاع دینی چاہیے تھی۔ میں یہ بار بار اس وجہ سے کہہ رہا ہوں کیوں کہ آج مجھے لوگوں نے rules سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ آپ سوال نمبر 20 کو defer کر رہے ہیں؟ کیا کر رہے ہیں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: وہ تو میں نے اسی وقت کہا تھا کہ defer کر رہے ہیں۔

سینیٹر محسن عزیز: دوسری بات اگر آپ مجھے یہ بتادیں، اگر ایوان برابری کی بنیاد پر چلنا ہے، توازن کے مطابق چلنا ہے اور equality کے مطابق چلنا ہے تو بات یہ ہے کہ جو question put کرنے والا بندہ ہے، اس کو آپ تین سپلیمنٹری allow کریں گے؟ یا اپنی طرف سے ruling, میں دیں گے؟ میں yes or no میں سننا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں House rule کے مطابق چلے گا۔

سینیٹر محسن عزیز: ہم یہ سوال کر رہے ہیں کہ جب ہم second supplementary کرتے ہیں تو ہمیں allow نہیں ہوتا۔ سینیٹر انوشہ رحمان صاحبہ میری بہن ہیں انہوں نے شاید second supplementary کیا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: چلیں وہ تو۔

سینیٹر محسن عزیز: میری عرض تو سنیں دیکھیں ایوان تو سب کے لیے برابر ہونا چاہیے اور کم از کم آپ جیسا آدمی جو اس کرسی پر تشریف فرما ہے۔ انہوں نے تین بج کر انیس منٹ پر اپنا

supplementary شروع کیا جو کہ پورا تین بج کر تیئیس منٹ پر ختم ہوا، گھڑی میرے پاس تھی، یہ ان کا second supplementary تھا۔ ان کا third supplementary تین بج کر چوبیس منٹ پر شروع ہوا اور تین بج کر ستائیس منٹ پر ختم ہوا۔ آپ نے ان کو تین سپلیمنٹری allow کیے۔ Is it within the rule?

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں rule نہیں ہے، چلیں آپ۔۔۔

سینیٹر محسن عزیز: Is it within the rule? میں آپ سے گزارش کر رہا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ باہر تشریف لے گئے تھے، اب وہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ اب آپ اپنے سوال پر آجائیں۔

سینیٹر محسن عزیز: جب کوئی اور پریذائیڈنگ آفیسر بیٹھا ہوتا ہے تو ہم کو allow نہیں کرتے، ہم کو ٹوک دیتے ہیں کہ آپ یہاں پر تقریر نہیں کر سکتے۔ اس لیے میں آج ساڑھے نو سالوں کے بعد سمجھ جانا چاہتا ہوں۔ چلیں آپ کے پاس جواب نہیں ہے تو میں اپنا سپلیمنٹری سوال کر دیتا ہوں۔

یہ جو ایک روپے کی fee لگائی گئی تھی۔ ہماری اطلاع کے مطابق یہ تقریباً one billion rupees تک collect ہوئی تھی اور predominantly اس کو اس لیے لگایا تھا کہ کچھ documentation کریں گے اور incentivise کریں گے۔ Lucky draw نکالیں گے تاکہ جو tax payers ہیں وہ encourage ہوں۔ میں مودبانہ گزارش کرتا ہوں کہ اس کا جواب نہیں آیا کہ آپ نے اس میں کتنے لوگوں کو incentivise کیا ہے اور آپ نے کتنے لوگوں کا lucky draw سے کیا ہے؟ اس کا جو main purpose one rupees fees لگانے کا تھا یہ بیچ میں discontinue بھی ہو گیا تھا اور ابھی دوبارہ لگا دیا گیا ہے۔ آپ نے اس کی کتنی رقم اور کہاں پر خرچ کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی وزیر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: سینیٹر صاحب نے جو سوال کیا ہے۔ ہم نے یہاں پر اس کا جواب دینے کی کوشش کی ہے کہ جو funds generate ہونے تھے، اس کے تین چار مقاصد تھے۔ One Infrastructure development جو انہوں نے بالکل درست فرمایا کہ prize

for customers of integrated TA-1 retailers, cost ہوگیscheme and welfare for IRS ہوگیtechnical enhancement کی employees.اس وقت سینیٹر صاحب ہم نے آپ کو جو بتایا ہےIRS academyکے لیے اس کےwhich will intern will help with the capacity building لیے 159 million useہوئے ہیں اور باقی welfare employees پر use ہوئے ہیں۔آپ کی یہ بات بالکل درست ہے کہ جوcost prize schemeپر ہم نے کام کرنا تھا that is work in progressیہ ہماری امید ہے کہ ہم اس کو تقریباً 50 to 100 million per monthپر لے کر جائیں گے۔ Sir, over the next six monthsیہ نہیں ہوا یہ آپ کی بات بالکل مناسب ہے ہم اس کو آگے لے کر جا رہے ہیں تاکہ اس کی جوincentivizationوالاelementہے اس کو لایا جائے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، اس کا مائیک کھول دیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: اس کو کمیٹی میں refer کر دیتے ہیں۔ سوال نمبر 90. سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔

*Question No. 90 **Senator Zeeshan Khanzada:**

*Will the Minister for Commerce be pleased to state:*

*(a) whether it is a fact that textile exports of the country have declined during the previous FY i.e 2023- 2024, if so, the reasons thereof; and*

*(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to reduce taxes on the textile industry and take other measures to facilitate them to increase the exports, if so, details thereof?*

**Mr. Jam Kamal Khan**: (a) It is stated that textiles and apparel exports slightly increased by 0.93% in Financial Year (FY) 2023-24 as compared with FY 2022-23.

Value in US$ million (Source: PBS)

| FY 2023-24 | FY 2022-23 | % Change |
|---|---|---|
| 16,656 | 16,502 | 0.93% |

(b)

i. Redesigning of Export Facilitation Scheme (EFS) of FBR for inclusion of all stages of the manufacturing for end-to-end coverage; exemption of registered units from sales tax on utility bills; and remove other procedural irritants to ease the imports for re-export purposes.

ii. Reliable supplies of energy to export sectors at regionally competitive tariffs.

iii. Announcement of wheeling policy for electricity.

iv. Clearance of stuck-up refunds (of sales tax, custom duty drawback and income tax) and expeditious clearance of sales tax refunds within 72 hours as per Sales Tax Rules, 2006.

v. Clearance of verified claims under Government Support Schemes (DLTL/DDT, TUF).

vi. Rationalization of tariffs.

vii. Automate the disbursement process of sales tax refunds same as custom duty rebates.

viii. Rationalization of policy rate; redesign Export Finance Scheme for better targeting and enhance credit limits.

Further, in pursuance of the PM's directives, a meeting was held on 6th August 2024 under Chairmanship of Federal Minister for Commerce with the relevant Ministries/Departments for sectoral discussions and resolution of issues.

Mr. Duputy Chairman: Any Supplementary?

سینیٹر ذیشان خانزادہ: بہت شکریہ جناب چیئرمین! پہلے تو میں نے یہ پوچھنا ہے کیوں کہ یہ سوال کامرس سے related ہے؟ اس کا جواب ڈاکٹر اورنگزیب صاحب ہی دیں گے یا کامرس کا وزیر دے گا؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جواب کون دے گا؟ جی یہ جام کمال صاحب کامرس کے وزیر دیں گے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: ایک policy کے حوالے سے میں نے سوال پوچھا تھا جس کے بارے میں ہمیں وزیر صاحب ہی واضح بتائیں گے۔ جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ میں نے سوال یہ کیا کہ textile exports جو تھے۔ میں نے ایک article پڑھا تھا جس میں لکھا تھا کہ textile exports پچھلے سال کے بہ نسبت اس بار کم ہے لیکن جو figure آئی ہے اس میں یہ کہا گیا ہے کہ کوئی one per cent سے کم textile exports بڑھی ہیں، یہ ہوا ایک سوال کا جواب۔

میرا دوسرا سوال یہ تھا کہ آپ textile exports کو بڑھانے کے لیے آگے کیا کر رہے ہیں؟ اس میں انہوں نے کافی چیزیں بتائیں لیکن جناب چیئرمین، میں یہ House کو ضرور بتانا چاہتا ہوں کہ یہ ساری جتنی بھی چیزیں ہیں یہ 2019 میں ایک trade policy آئی تھی and it was the first of its kind, اس سے پہلے کبھی بھی پاکستان میں trade policy introduce نہیں کی گئی، اور یہ ساری چیزیں اور یہ سارے steps اس time پر لیے گئے تھے۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس حکومت کی اس time پر کیا trade policy ہے کیونکہ وہ trade policy جو 2019 میں introduce کی گئی تھی وہ 2024 میں expire ہو گئی ہے اور ابھی تک کوئی نئی trade policy نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! یہ ایک بہت ضروری چیز ہے۔ یہ ہمارے exports کو بڑھانے کے لئے اور ہمارے exports کو determine کرنے کے لیے، کہ ہمیں پتا ہونا چاہئے اور بڑے لوگ اس کے منتظر ہیں لیکن ابھی تک اس پر کوئی policy statement بھی نہیں آئی۔ تو اس لئے میں یہ ضرور پوچھنا چاہوں گا کیونکہ یہ سب کو پتا چل گیا ہے کہ جو پچھلی export policy تھی وہ بڑی کامیاب policy تھی اور ہماری exports 25 billion dollars سے بڑھ کر 31 billion dollars پر پہنچ گئی تھیں۔ تو اب حکومت اس حوالے سے نئی trade policy کب تک دے گی؟ بڑی مہربانی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: جی، اس کا مفصل جواب تو جام کمال صاحب ہی دیں گے لیکن I was just viewing this اور سینیٹر صاحب! چونکہ اس میں دو چیزوں کا تعلق FBR سے ہے، تو وہ میں آپ کو بتا سکتا ہوں۔ جیسے میں نے آج سے کوئی ہفتہ پہلے بھی یہ بات کی تھی کہ ہم نے جو

ہم نے 1 جولائی کو جتنے بھی refunds ہیں، that we have expedited. more than 52 billion were تھے، determined refunds dispersed on 1st July, the very first day of fiscal year اور اس وقت تک ہم تقریباً 152 billions کے sales refunds دے چکے ہیں کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ liquidity of the exporters that should not be affected. تو جناب! ہم وہ آگے لے کر جا رہے ہیں۔

جو آپ نے DLT کی بات کی ہے اس پر بھی ہم نے اس بجٹ میں اس کا number رکھا تھا، جو ہم نے جولائی میں بھی دیا ہے اور اب ہم نے اگست میں بھی دیا ہے۔ So these are two things in which we are very committed کہ ہم اس کو expedited رکھیں گے تاکہ exporters کی liquidity impact نہ ہو۔

باقی آپ نے جو بھی باتیں کی ہیں وہ they are more of the structural in nature اس پر جام کمال صاحب بات کریں گے۔ In addition to textiles, we are very very grateful to all our textile friends کیونکہ وہ value addition میں گئے ہیں اور وہ اس کو آگے لے کر جا رہے ہیں but our focus is also in terms of diversification of exports, into agriculture and IT because یہ اگر ہم نے اس export base کو آگے بڑھانا ہے تو we cannot just rely on one sector only and agriculture and IT are real levers of growth and real channels of growth on the export side as well.

تو اس پر ہم ایک بہت مفصل policy لائے بھی ہیں اور اس پر کام بھی کر رہے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ذیشان خان زادہ صاحب! ابھی منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں تو اس کو defer کر دیتے ہیں۔ اب آگے چلیں جی۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں تو اس لیے جب defer ہو گیا ہے تو اس پر ابھی سوال نہیں بن سکتا ہے۔

*Question No. 91 **Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur:**

*Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:*

*(a) the amount of loans obtained by the Government since 2020 indicating also the amount of loans repaid/ returned during the period; and*

*(b) the steps taken/ being taken by the Government to streamline the economy and get rid of the foreign loans?*

**Senator Muhammad Aurangzeb**: (a)

- Public debt is mainly obtained for the financing of the fiscal deficit. There are two main sources of borrowing:
    i. The domestic borrowing is carried out through issuance of government securities (T-Bills, Pakistan Investment Bonds, Sukuk etc.) and National Saving Schemes.
    ii. The external borrowing is mainly obtained from multilateral & bilateral development partners and commercial sources which include bank loans and Eurobonds.
- During FY20 to FY24, total net financing of federal fiscal deficit carried out through domestic sources stood at PKR 24.5 trillion whereas, from external sources was around PKR 3.0 trillion.
- Following table describes the details of domestic and external inflows and outflows during FY20 to FY24:

| Details of Domestic and External Loans obtained by Government - PKR bn | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | **FY20** | **FY21** | **FY22** | **FY23** | **FY24 (P)** |
| Domestic Inflows | 18,990 | 18,581 | 25,751 | 34,516 | 33,463 |
| External Inflows | 2,224 | 2,248 | 2,996 | 2,404 | 2,759 |
| **Total Inflows** | **21,214** | **20,829** | **28,747** | **36,920** | **36,222** |
| Domestic Outflows | 16,560 | 15,598 | 21,367 | 27,160 | 26,059 |
| External Outflows | 1,362 | 940 | 1,818 | 3,083 | 2,438 |
| **Total Outflows** | **17,922** | **16,538** | **23,185** | **30,243** | **28,497** |
| Domestic Netflows | 2,430 | 2,983 | 4,384 | 7,356 | 7,404 |
| External Netflows | 862 | 1,308 | 1,178 | (679) | 321 |
| **Total Net flows** | **3,292** | **4,291** | **5,562** | **6,677** | **7,725** |

(b)

- When present government assumed office, the economy was confronted with challenges like low GDP growth, high inflation, higher fiscal deficit, depletion in Forex reserves and Rupee depreciation.
- Through a combination of policy, structural, and administrative measures, the economy has achieved macro-economic stability in FY2024. This has led to improve macro-economic indicators and foreign exchange reserves.
- External sector stability has been achieved as current account deficit during FY2024 narrowed down by 79.2% to $0.7 bn ($3.3 bn in FY2023 and $17.5 bn in FY2022). This CAD is the lowest in last 13 years.
- Current account has been curtailed on the back of significant growth of 11.8% in exports to $31.1 bn in FY2024 ($27.9 bn in FY2023).
- Moreover, government's budgetary and administrative measures to attract worker's remittances from formal channel remained instrumental – as it posted significant growth of 10.7% in FY 2024 to $ 30.3 bn ($27.3 bn in FY2023).
- Through fiscal consolidation efforts, government ensured optimal resource mobilization and prudent expenditure management – achieved primary balance surplus of 0.9% of GDP in FY2024 compared to

deficit of 1.0% of GDP in FY2023. During FY2024, fiscal deficit stood at 6.8% of GDP (7.8% of GDP in FY2023).

- To facilitate investment inflows and restore investor's confidence, government has established SIFC. As a result, FDI increased by 16.9% in FY2024 to $1901.6 mn ($ 1627.0 mn in FY2023).
- Anti-smuggling measures have been launched by the government which are supporting to stabilize exchange rate and narrowed down the difference between interbank and open market exchange rates. Resultantly, it is easing out the pressure on external sector.
- Government's effective policies have been transmitted in rebuilding of FX reserves by $ 4.8 bn in FY2024 (depletion of $6.3 bn in FY2023).
- Pakistan has successfully completed the 9-month SBA program in March 2024. The IMF has acknowledged that Pakistan's economic and financial position has improved with growth and confidence continuing to recover on the back of prudent policy management and the resumption of inflows from multilateral and bilateral partners.
- In July 2024, IMF and Pakistan reached a staff-level agreement on a 37-month Extended Fund Facility (EFF) Arrangement of approximately US$7 billion. This agreement is subject to approval by the IMF's Executive Board.
- The new programme aims to support the government's efforts to further strengthen macro-economic stability and create conditions for stronger, more inclusive, and resilient growth.
- The government is committed to making this the last program of the country. To that end, the Budget 2024-25 lays the foundation for a home-grown reform plan that will put the economy on a higher, inclusive and sustained growth trajectory, ultimately achieving self-reliance.

- Key areas of economic reforms are to establish a broad-based fair taxation system, privatization, SOE Reforms, energy sector reforms, private sector development, moving from government-led to a market economy, and a targeted social protection system.

جناب ڈپٹی چیئرمین: سوال No.91 کوئی ضمنی سوال؟ جی سینیٹر زرقا سہروردی صاحبہ۔

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: جناب! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس حکومت کی کیا policy ہے، ایک تو مجھے اس میں کہیں نظر نہیں آرہا کہ foreign loans کو ختم کرنے کا آپ کا plan کہاں ہے اور کیا ہے؟ یہ ایک ہو گیا۔ دوسری بات یہ کہ مجھے یہ بھی کہیں نظر نہیں آرہا کہ خرچے کم کرنے کی طرف، excuse me

Mr. Deputy Chairman: Order, Order.

سینیٹر ڈاکٹر زرقا سہروردی تیمور: خرچے کم کرنے کی طرف آپ کی attention نہیں ہے کیونکہ ابھی ڈاکٹر قیصر بنگالی نے آپ کی Austerity Committee کو اسی بات پر چھوڑا کہ آپ serious نہیں ہیں۔ 54 میں سے صرف ایک کمپنی کو آپ نے بند کرنے کا decision لیا ہے اور جتنے لوگوں کو آپ نے let off کیا وہ گریڈ ایک تا سولہ کے ملازمین ہیں اور وہ پاکستان کی عوام کا زیادہ تر حصہ ہیں اور آپ نے officers میں سے کسی کو بھی کم کرنے کی نہ تو کوشش کی اور نہ ہی آپ کا کوئی ایسا plan ہے۔ تو اس حوالے سے میں یہ کہوں گی کہ یہ ملک اشرافیہ کے لیے چلتا ہے۔ جب غریب آدمی tax دیتا ہے تو اشرافیہ، یعنی جو businessman ہیں، Civil Military Bureaucracy اور Judiciary, وہ سارا network جو ایک اشرافیہ کا network ہے، وہ اس ملک کا main beneficiary ہے۔

تو اس حوالے سے چونکہ آپ ہمارے Finance Minister ہیں تو ہم آپ سے یہ چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں دو چیزیں کے بارے میں بتائیں کہ آپ نوکری پیشہ لوگوں کو نشانے پر لائے بغیر اپنے expenditures کیسے کم کر رہے ہیں اور دوسرا یہ کہ foreign loans کو over the period of time ختم کرنے کا آپ کا کیا plan ہے۔ شکریہ۔

سینیٹر محمد اورنگزیب: بہت شکریہ جی۔ ڈاکٹر صاحبہ first of all جو آپ نے ابھی سوال پوچھا ہے، میں overall in terms of debt to GDP ratio کے تناظر میں اس پر

بات کروں گا کہ in June 2020, debt to GDP ratio was 77 percent. We close June 2024 at 67 percent. ایک تو اس کا gradient is going into the right direction, its down by 10 percent from where we were back in 2020.

دوسرا یہ ہے کہ اس کی rate of growth بتدریج کم ہو رہی ہے۔ Again in FY21, the increase in debt was 30 percent which is now down to fifteen percent. لیکن اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ our work is done. In fact, a lot more has to be done. All I would say that the direction of travel is on the right side of things.

ڈاکٹر صاحبہ، آپ نے دو سوال پوچھے ہیں کہ ہم اس foreign element کو کیسے نیچے لے کر آئیں گے۔ So I call it the road to market. تو ابھی سینیٹر صاحب نے بھی جو بات کی تھی کہ ہماری economy کا DNA import-led ہے۔ جیسے ہی ہم چار فیصد سے اوپر جاتے ہیں، یہ بات میں نے کل بھی ایوان کے سامنے پیش کی تھی، we put the foot on the pedal because we are import-led. We run out of dollars, foreign currency. We get into a balance of payment position, and we keep on going back to the lender as the last resort because of that. So, we have to change the DNA of the economy to make it export-led.

دوسری بات یہ ہے کہ جو FDI لے کر آ رہے ہیں، foreign direct investment لے کر آ رہے ہیں یا جو financing ہم نے لے کر آئی ہے، اس میں کچھ برا نہیں ہوتا۔ Leverage کرنا، financing لینا but financing and FDI has to be in those projects which are export-led. If you bring in both of these elements جن کی ساری denomination ہی ساری PKR میں ہے تو وہاں currency mismatch ہوتی ہے۔ There we get into the kind of trouble and issues that we are doing. So, we are

very careful in terms of getting future liability on that basis.

آپ نے جو expenditure کی بات کی ہے وہ بالکل یہ درست بات ہے اور میں ڈاکٹر قیصر بنگالی صاحب کا actually بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ہماری کمیٹی کو join کیا۔ اس کمیٹی سے پہلے بھی انہوں نے اس administration میں تھوڑا سا کام کیا۔ میں ان کا بھی شکر گزار ہوں اور ڈاکٹر عشرت حسین صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کیونکہ یہ مت بھولیں کہ جون 2019 میں ڈاکٹر عشرت حسین نے PTI کی حکومت میں ایک بڑی مفصل رپورٹ اس وقت کی cabinet میں پیش کی تھی کہ کیسے یہ government کو downsize کیا جائے۔

اب ہم اس دفعہ کیا کر رہے ہیں۔ Why is it different this time around? Because we are not talking about 43 or 44 ministries all at the same time. میری ڈاکٹر عشرت حسین صاحب سے بڑی detail میں بات ہوئی ہے اور میں ان کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے اس وقت 2018-19 جو کام کیا ہے۔ ہم اس کام کو آگے لے کر چل رہے ہیں جو انہوں نے کام کیا اور جو ڈاکٹر قیصر بنگالی صاحب نے کام کیا in rightsizing Committee because I am chairing it myself. In every single ministry, we start with those two documents کہ اس میں کیا کہا گیا۔ Because if those good work has been done, we should leverage on that.

اب تک چھ Ministries پر ہم نے کام کر لیا ہے۔ اس وقت ہم ان کے implementation plan پر کام کر رہے ہیں۔ پچھلے ایک یا دو دن میں یہ چیزیں press میں بھی آگئی ہیں کہ ہم کیا کرنے جا رہے ہیں۔ جہاں تک بات ہے گریڈ ایک تا سولہ کی تو this is not in the discussion. ابھی PWD کی جو discussion ہے we are working on a severance package. We are also working to bring the legislation. یہ سب ہم آپ کے پاس لے کر آئیں گے کیونکہ without changing that legislation we will not be able to move forward. تو یہ آپ کی، اس ایوان کی، National assembly کی help ہو گی اگر ہم نے ان چیزوں کو آگے لے کر جانا ہے۔ یہ ہو گیا number 1.

دوسرے نمبر پر یہ کہ ڈاکٹر صاحبہ، آپ جانتی ہیں کہ pension is a ticking bomb. اس وقت جو ہماری legacy discussion ہے وہ تو اپنی جگہ موجود ہے، اس کے لیے بھی legislation لانی پڑے گی لیکن going forward in the Government employees, we have moved towards defined contribution. یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے کہ لوگ pension کے بارے میں سالوں سے نہیں، decades سے بات کرتے آئے ہیں but at least we have to stop the bleeding, if we have to move forward. ہم نے وہ اس سال سے already شروع کر دیا ہے کہ حکومت میں جتنے بھی employees آئیں گے، ہم اس کو آگے لے کر چلیں گے۔ The 3rd thing is again around the expenditure اس میں اس ایوان کی help چاہیے اورآپ سب کی help چاہیے۔ جو privatization کا agenda ہے کیونکہ exchequers میں جو loss making SOEs ہیں، they contribute to 1 trillion rupees of drag on the exchequer ہم یہ trillion rupees بہت جگہ استعمال کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ، ہمیں اس میں بھی آپ سب کی مدد کی ضرورت ہے as we go forward. Then of course the debt servicing which is the largest component تو وہ بھی ہماری پوری کوشش ہے کہ جس طرح یہ policy rate نیچے آتا ہے، نمبر ایک ہے۔

نمبر دو ہے کہ آپ نے جہاں سے بات شروع کی ہے کہ fiscal discipline, revenues have to go up, expenditures have to come down and then the derivative demand which is there on the debt servicing sides نیچے جائے گی۔ میں نے کل بھی ایوان میں بات کی تھی اور میں کسی وقت حاضر ہوں گا to give a very detailed briefing on the economy and where we are headed, starting with Mandviwala صاحب، ان کی کمیٹی میں بھی اور جب ایوان مجھے حاضر ہونے کے لیے کہے گا تو میں اس میں بھی بڑی detail میں بات کروں گا۔ آپ کا شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ سوال نمبر ۔ 90 سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب کا ہے کیونکہ جام کمال صاحب (وزیر برائے کامرس) آ گئے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Any Supplementary?

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب! آپ کا بہت بہت شکریہ۔ جناب! میں وقت زیادہ نہیں لوں گا، میں وزیر صاحب کے لیے مختصر سوال repeat کرنا چاہوں گا۔ میں نے textile کے حوالے سے پوچھا کہ کس طرح growth بڑھائیں گے کیونکہ ہمیں صرف growth 1% دکھائی دی ہے حالانکہ ہم exports میں textile کو ہی دیکھتے ہیں۔ میرا وزیر صاحب سے یہ سوال تھا کہ 2019 میں پہلی مرتبہ Trade Policy introduce کی گئی جس کی وجہ سے ہماری exports میں financially بہت growth آئی۔ وہ 2024 policy میں expire ہو گئی ہے، اب اس کے آگے کیا plan ہے، یہ policy کب announce ہو گی، اس میں کوئی نئے features یا نئی چیزیں آئیں گی۔ آج وزیر صاحب ایوان کو بتا سکتے یا کوئی policy statement دے سکتے ہیں کیونکہ لوگ بڑے عرصے سے منتظر ہیں کہ ہماری Exports and Trade policy expired ہے اور اس پر businesses کیسے move کریں گے؟ میں آخر میں یہ add کرنا چاہوں گا کہ اس وقت ہماری جو Trade Policy ہے، وہ اس طرح ہے کہ ہم revenue generation کے پیچھے جا رہے ہیں کہ ہمارا 50% revenue imports stage پر collect ہو رہا ہے جبکہ باقی ممالک میں 10%, 12% یا 15% ہوتا ہے اور پاکستان میں سب سے زیادہ ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ سوال کر لیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: ہمیں وزیر صاحب یہ بتائیں کہ ہم یہ کیسے کم کریں گے کیونکہ ہمارے raw material پر duties کا بوجھ پڑتا ہے، ہم نے ختم کرنا ہے، آپ یہ کیسے اس policy میں incorporate کریں گے؟ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی جام کمال خان صاحب وزیر برائے کامرس۔

Jam Kamal Khan: Thank you very much honourable Chair, first of all, my keen apologies to the House for being late because of a certain reason.

ہمارے Inter-Governmental Commission کی آج ایک meeting تھی جس میں کچھ چیزیں pend تھیں لیکن میں نے آپ سے request کی، grace enough کہ آپ نے وہ وقت extend کیا۔ قابل احترام رکن نے ایک بات کی تھی کہ Trade overall policy 2019 میں develop کی گئی تھی جس نے تقریباً 2024 میں expire ہونا ہے۔ یقینی طور پر پاکستان میں، جیسے جناب اورنگزیب صاحب نے کہا کہ And what is the way forward, any policy, any step which is taken in a good faith, if it is done, if it is implemented, we complement that. بڑی حیرت کی بات ہے جب میں نے Trade Policy کو خود پورا دیکھا اور میں نے اس کو تھوڑا پڑھا ہے، اس کے بہت سارے ایسے components ہیں، ہم نے جن پر بڑی توجہ drafting میں تو دی ہے اور implementation کی طرف بڑی کم توجہ دی ہے۔

جناب! میں آپ کو چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ اس policy میں کوئی initially 13 councils کو notify کرکے کام کرنا تھا، یہ councils gems پر ہیں، textile پر ہیں، leather پر ہیں، آپ کی machinery پر ہیں، آپ کے different segment of tourism ہیں، IT پر ہیں اور many other things پر ہیں۔ Councils کا structure بڑا اچھا ہے کہ councils میں پورا private sector کام کرے گا اور private sector سے اس میں Chairmen ہوں گے اور باقی جتنے top exporters and traders ہیں، وہ اس کے members ہوں گے اور ایک افسر TDAP کا minute کرے گا۔ میں جب یہ پڑھ رہا تھا تو میں نے کہا کہ let me take a brief اور میں نے دیکھا کہ یہ جتنے بھی councils ہیں، ان councils کے پاس facilitation بالکل نہیں ہے، ان کا کوئی secretariat نہیں ہے، ان کے پاس کوئی research mechanism نہیں ہے۔ EDF funding کے علاوہ، میں آپ کو بتاؤں کہ ہمارے یہ جو sectoral councils ہیں، اگر کوئی مجھ سے Commerce Ministry کے حوالے سے پوچھے تو میں کہوں گا کہ اگر ہم ان کو صحیح فعال کرتے اور ان شاء اللہ، اب ہم جو کرنے جا رہے ہیں، میں وہ بھی آپ کو بتاؤں گا کیونکہ آپ کا سوال بھی اس سے related ہے۔ ان کا benefit کس طرح آ سکتا ہے، اسی پالیسی میں

ایک National Exports Development Board بھی ہے جس کو Prime Minister صاحب head کرتے ہیں اور after a very long time ہم نے اس کی recently ایک meeting کرائی جس کو Prime Minister صاحب نے head کیا، اس میں نئے departments کو بھی ڈالا گیا تاکہ ایک body ہو جو exports کو own کرے، صرف وہ body own نہ کرے بلکہ Prime Minister of the country اس کو own کرے جس کی بڑی قلّت دیکھی جا رہی تھی۔ So, there are the Councils اور councils اپنی report بناتے ہیں اور آگے بھیجتے ہیں۔

جناب! میں نے جو councils کی reports دیکھی ہیں، وہ 2021 سے بن رہی ہیں اور وہ parked ہو رہی ہیں، there is no mechanism کہ اس کے آگے Executive Committee ہے جس کو Commerce Minister head کرتا ہے اور وہاں سے آگے Prime Minister کو جانا ہے۔ آپ دیکھیں کہ میں committees میں چیئرمین ہوتا ہوں، اور نگزیب صاحب ہوتے ہیں، یہاں پر ہمارے ساتھ علیم خان صاحب ہیں اور باقی Cabinet Members بھی ہیں۔ ہماری Ministries میں ہر Ministry کے پاس right ہے کہ وہ اپنی purview of policy میں اپنا interest protect کرے اور وہ کرتے ہیں اور consensus کو وقت لگتا ہے۔ یہ واحد body ہے جس میں جب Prime Minister اس کی ownership لیتے ہیں اور کوئی minuted ہوتا ہے، کوئی decision جب آتا ہے، that will be owned by all the Departments and State Institutions. الحمدللہ، ہم جس کا mechanism بنا رہے ہیں۔

جناب! یہ policy جو 2025 کی ہے جس پر معزز رکن نے کہا کہ ہم کیا کر رہے ہیں۔ آپ دیکھیں کہ ہم نے ابھی ان 13 councils کو بڑھا کر 17 councils کر دیا ہے کیونکہ اس council میں IT نہیں تھا، اس council میں ایک دو اور aspect نہیں تھے، tourism نہیں تھا۔ ہم ان میں further steel industry کو لانا چاہتے ہیں اور ایک، دو اور components ہیں، ہم ان کو بھی include کرنا چاہ رہے ہیں تاکہ ان councils کو بڑھایا جائے۔ So, what I am trying to do is کہ ان councils کی for the

میں اس کو بولنا نہیں چاہ رہا کیونکہ مجھے مناسب بھی نہیں لگتا، ان چار سالوں میں ان first time, Councils کی کسی ایک meeting میں ایک مرتبہ کوئی ایک Minister as observer بھی نہیں بیٹھا۔ میں خود ابھی تک اس مرتبہ 14 Councils meetings کر چکا ہوں اور میں نے ہر meeting کو کم و بیش دو یا تین گھنٹے بیٹھ کر سنا ہے، explicitly سنا ہے، specific issues پر سنا ہے کیونکہ ہر industry کی اپنی ایک need ہے۔ Tourism کی الگ need ہو گی، textile کی الگ need ہو گی، apparel کی الگ need ہو گی، livestock کی الگ need ہو گی، meat کی الگ need ہو گی، pharmaceutical کی الگ need ہو گی اور chemical کی الگ need ہو گی۔ آپ جب تک ان سب کو الگ الگ سن کر ان کا way forward آگے نہیں بنائیں گے تو آپ generalized way میں چیزوں کو address بھی نہیں کر سکتے۔ الحمدللہ، I have done that اور میرا aim یہ ہے کہ by the time ان شاء اللہ، in another week's time میں ان 17 councils کی meeting کر کے، what we are doing کہ انہوں نے پہلے اپنی کیا proposals بنائیں، آج تک کتنے implement ہوئیں۔ اس بجٹ کے post-budget and pre-budget کیا factors ہیں جنہوں نے اس industry کو effect کیا ہے and we will be taking the agenda to the next Board of جس کو Prime Minister صاحب head کرتے ہیں کہ and this will be the way forward, I think, so say ایک بہت specific اور identified چیز میں چیزوں کو دیکھیں گے۔

جناب! یہ جو دو چیزیں تھیں، میں آپ کو بتا دوں کہ ان شاء اللہ، the 2025 Policy is underway اور اس پر کام چل رہا ہے اور ان شاء اللہ، we will be submitting that policy soon اور ان شاء اللہ، اس پرانی پالیسی میں جن جن چیزوں میں بہتری ہو سکتی ہے، ان شاء اللہ، ان کو بہتر کر کے نئی پالیسی بھی اسی طرح آئے گی جب اپنا time period پورا کر لے گی۔ آپ دیکھیں کہ Textile Industry is a very crucial component and an industry in Pakistan's export and growth and it has been, from an agricultural side towards

spinning, to apparel, to garment and to futuristic new garments which are required in the market also. لیکن اس تقریباً کچھ time میں ایک بڑا tough situation وہ بھی دیکھنے کو مل رہا ہے، یہاں سب سے بڑی بات ہے کہ جو ہمارا cost of production is one component, which is a very key factor into it, but at the same time, the regulations are there, SROs also, there are financial schemes also, there are some processes of reimbursement also and I am sure اس پر Minister for Finance نے بھی باقی چیزوں پر details دی ہیں اور faster کے حوالے سے آپ کو بتایا ہے۔

میں اس پر بالکل دو رائے رکھتا ہوں اور ہم agree بھی ہیں because of certain circumstances, we know, we are addressing the issues, the problems are also there اور میں جب ان سب کونسلز کے ساتھ بیٹھا ہوں کہ trust کو بڑھانا ہے اور اس industrialist کے کم از کم vision میں اگر ہم یہ چیز بھی لے آئیں کہ Government at least serious not only in addressing these issues, making a mechanism and going forward it ان شاء اللہ ہمیں اسی سے امید ہے ان چیزوں کو ہم آگے کی طرف لے جائیں گے yes, the current situation is a little bit tougher also, in terms of when we go to international market side also, when we see the competitiveness within also.

آپ نے بات کی regulations میں tariffs کی بات ہے tariffs rationalization پر بہت بڑا کام ہو رہا ہے کہ ہم اپنا structure ایسا بنائیں کہ ہم کسی specific sector کو dominance نہ دیں۔ ٹھیک ہے ہم اپنی industry کو protection بھی دیں گے لیکن at the same time ان چیزوں میں relaxation بھی دیں گے جہاں پر ان کے اندر growth بھی آ رہی ہے جو آپ کا industrialist اپنے لیے مانگتا بھی ہے so in the end ویسے تو this debate,

this thing can extend for a very long period of time, if the House permits for a second go for another half & hour too but at the same time, yes its very crucial, we going the Standing Committee of ان شاءاللہ for the policy, the policy Senate is there also, it will be presented it to them also وہاں پر ساری parties کی membership ہے لیکن to form a sub-Committee also اس کو address کر سکتے ہیں، قومی اسمبلی میں جائے گا، اس کے بعد specific consensus develop ہو گی so we have all the good time to address all these issues but we are addressing the current issues also and will be seeing the needs which are coming in the future ہماری جو ایک مارکیٹ region کے حوالے سے بنگلا دیش کے حوالے سے China کے حوالے سے US pulling out from the markets of China in other places اور جو regional activities ہو رہی ہیں اس کا textile پر جو affect آ رہا ہے اور GSP plus کی requirements ہیں خاص کر بہت ہماری مارکیٹ ہے وہ کیا requirements ہیں؟ اس پر for the first time national جو ہماری compliance centre ہے National Compliance Head for the first time اس حکومت نے آ کر مقرر کیا ہے whose are very capacitated person, who has assumed the charge from 1st of September, 2024 اور وہ اپنا کام ان شاء اللہ شروع کریں گے تا کہ ہماری جو requirements international ہیں standards کے حوالے سے compliances کے حوالے سے ہماری obligations کے حوالے سے ان سب کو fulfil کر رہی ہے۔ شکریہ۔

(اس موقع پر جناب چیئرمین صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

Mr. Chairman: Senator Zeeshan Khan Zada.

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! بہت شکریہ ۔ منسٹر صاحب نے سوال کا جواب تو کافی detail میں دیا ہے لیکن اگر اس سوال کو کمیٹی کو بھیج دیا جائے کیونکہ اس پر وزیر صاحب سے discussion بڑی ضروری ہے تو میں آپ کا شکریہ ادا کروں گا۔

Mr. Chairman: Minister Incharge.

Jam Kamal Khan: Sir, we are very good to address an issue in the Committee.

آپ اگر کمیٹی کو دینا چاہتے تو کوئی مسئلہ نہیں ہے ٹھیک ہے جی,ان شاء اللہ we can discuss in the Committee also.

Mr. Chairman: Question is referred to the Committee. Questions hour is over.

## **Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Rana Mahmood-ul-Hassan has requested for grant of leave for 30th August and 6th September, 2024 due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Foreign Minister Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for grant of leave for 9th September, 2024 due to personal engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Order No.3: Senator Jam Saifullah Khan, Chairman Standing Committee on Railways may move Order No.3. Not present. Any member, who wants to move yes, please.

## **Motion under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Standing Committee on Railways regarding control of corruption, suffering of loss amounting to Rs.55 million and train accidents**

Senator Zamir Hussain Ghumro: I, on behalf of Senator Jam Saifullah Khan, Chairman Standing Committee on Railways, move under sub-rule(1) of rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question Nos. 1, 2 and 3 regarding steps taken by the Government to control corruption, suffering of loss amounting to rupees 55 Billion in fiscal year 2023 and train accidents took place during the last five years asked by Senator Shahadat Awan, may be extended for a period of sixty working days with effect from 8th September, 2024.

Mr. Chairman: It has been moved under Rule 1 of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question Nos.1, 2 and 3 regarding steps taken by the Government to control corruption, suffering of loss amounting to rupees 55 Billion in fiscal year 2023 and train accidents took place during the last five years asked by Senator Shahadat Awan, may be extended for a period of sixty working days with effect from 8th September, 2024.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Yes, please no point of order during the Question. Order No.5. Report of the Standing

Committee presentation of under Rule 195. Senator Farooq Hamid Naek, please move Order No.05.

## **Presentation of the Report of the Standing Committee on Law and Justice on [The General Clauses (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you, Mr. Chairman! I, Chairman, Standing Committee on Law and Justice hereby present report of the Committee on the Bill further to amend the General Clauses Act, 1897 [The General Clauses (Amendment) Bill, 2024] introduced by Senator Shahadat Awan on 1st January, 2024.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.06, Senator Zeeshan Khan Zada.

Senator Zeeshan Khan Zada: Thank you sir. I, Senator Zeeshan Khan Zada, Chairman Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, present report of the Committee on the Bill to establish special courts for adjudication of petitions in respect of immovable properties of overseas Pakistanis [The Establishment of Special Court (Overseas Pakistanis Property) Bill, 2024].

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.07, Calling Attention Notice Senator Sherry Rehman sahiba.

## Calling Attention Notice raised by Senators Sherry Rehman, Zamir Hussain Ghumro, Jam Saifullah Khan, Poonjo and Sarmad Ali regarding proposed amendments in the IRSA-Act, 1992 resulting in concerns for province of Sindh

### Senator Sherry Rehman

Senator Sherry Rehman: Thank you, Mr. Chairman! I, Senator Sherry Rehman moved Calling Attention Notice to draw attention of Minister for Water Resources towards proposed changes in the IRSA Act, 1992, undermining the spirit of the Accord and stands in violation of the Constitution intent of CCI due to which strong reservations in Sindh province exists in this regard. اجازت دیں تو میں سوال اور کچھ comments کرلوں۔

Mr. Chairman: yes, please.

سینیٹر شیری رحمان: جناب چیئرمین! معلوم ہے کہ ہم نے ایک anticipatory question ڈالا ہے، I like the attention of the front row please, thank you. Sorry for bother you for interference. تو اس حوالے سے کچھ سوالات ہیں، خدشات بھی بہت ہیں، سندھ کے صوبے میں جہاں سے ہم بہت ساروں کا تعلق ہے اور یہ پوچھنا ہمارا حق ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے صوبائی حقوق پر اور پانی کے ذخائر پر ایک واضح اور تیسرا حملہ ہے، جو صوبائی حقوق کو سلب کرتا ہے اور جو سندھ طاس معاہدے کی spirit کو آئین کی جو دستاویزات ہیں ان کو اور پورے صوبے کے لوگوں کے حقوق کو سلب کرتا ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! کیونکہ پانی ایک بنیادی انسانی حق بنتا ہے water is life اس کے بغیر تو کچھ نہیں ہو سکتا اور یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ سندھ میں ایک طرف پانی اور آبی ذخائر کی قلّت ہے، یہ کوئی نئی بات نہیں ہے، ایک طرف مون سون ہوتا ہے اور دوسری طرف قحط سالی ہوتی ہے جس کا سب سے زیادہ سندھ کی agricultural production پر اثر پڑتا ہے اور

وہ بہت متاثر ہوتی ہے جس کی حد ہو چکی ہے، up-stream دریائے سندھ پر constructions کر کرکے کوٹری بیراج پر 60 سے 70 فیصد کمی نظر آتی ہے اور ہم سب کو یہ بھی معلوم ہے کہ پانی کی منصفانہ تقسیم اس وفاقی structure میں ایک بہت بڑا issue ہے، Federation تحفظ دیتا ہے اور پانی کی منصفانہ تقسیم، اس کی بنیاد اس سندھ طاس معاہدے میں یعنی IRSA Accord 1991 میں ہوئی ہے، اس وقت بھی یہ کوئی اتنا منصفانہ نہیں تھا، جس طرح سے Indus Water Treaty منصفانہ نہیں تھی لیکن lower riparian اس صوبے نے accept کی، جس طرح پاکستان نے کہا کہ in the spirit of preserving something ہم کرتے ہیں، یہ نہیں کہ یہ کوئی ideal ہے لیکن جو اس وقت ہے اس صوبے کے حقوق پر بھی حملہ کیا جا رہا ہے، وہ اس طرح کہ ایک دستاویز بنی ہے، جو کہ بل و قانون کا مسودہ بنا ہے جو ہمیں نظر آیا ہے، اس میں یہ کیا گیا ہے کہ جو تقسیم، نگرانی اور ضابطہ بندی کا نظام ہے جو 1991 میں IRSA میں بنا تھا، سندھ طاس معاہدے میں جو دریائے سندھ کے پانی کی نگرانی کرتا ہے telemetry system, distribution وغیرہ ، اس پر یہ واضح حملہ ہے اور یہ تیسری مرتبہ ہو رہا ہے، پچھلی نگران حکومت میں بھی ہوا، وہ مسودہ صدر سے واپس آیا، یہ challenge ضرور ہوگا لیکن سندھ کے ممبر جو اس کمیٹی میں ہیں، جو اس کو run کرتی ہے اس کا جو structure ہے اس میں انہوں نے واضح طور پر in written, clause by clause objections کیے ہیں لیکن انہیں پھر نظرانداز کیا گیا ہے اور موجودہ ڈھانچہ جو ہے it is ruled by the Constitution and Federal Legislative List-II.

اب اس حوالے سے جو envisage کیا جا رہا ہے، میں موٹا موٹا بتاؤں گی کیونکہ میرے ساتھ چار اور ممبران ہیں جو میری طرح اس صوبے سے تعلق رکھتے ہیں اور پانی کے حوالے سے سب کی بہت مہارت ہے۔ میں یہ کہوں گی کہ Indus River System Authority اس میں جب آپ تبدیلی لاتے ہیں، پہلی بات اگر governance کی کوئی instinctive بات ہوتی ہے کہ جو صوبہ متاثر ہو رہا ہے یا جتنی اکائیاں متاثر ہو رہی ہیں ان سے پوچھا جائے لیکن یہ نہیں ہوا ہے، واضح اختلافات جو تحریری طور پر گئے ہوئے ہیں ان کے حوالے سے بھی کوئی بات نہیں کی جا رہی ہے اور اس میں کہا جا رہا ہے کہ اس کی موجودہ governance کا جو ڈھانچہ ہے اس کے متبادل میں اس

کو Federal Government کے نیچے لایا جائے گا، جو چیئرمین ہوتا ہے وہ وفاق کا ملازم بن جائے گا، شاید Water Ministry کا ملازم بن جائے گا اور دریائے سندھ کے upstream پر installation and construction رواں دواں ہو گی اور آپ بنائیں گے، وہ ساری infrastructure جس سے already سندھ میں during summer قحط سالی کی صورت حال نظر آتی ہے، یا تو مون سون ہوتا ہے یا قحط سالی ہوتی ہے۔

وہاں پر خاص طور پر پانی کی محرومی کی جو ایک آگ لگی ہوئی ہے اسے بھی نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین! میری سمجھ سے بالاتر ہے کہ اس طرح کی کارروائی شروع کیوں کی جاتی ہے، کبھی کہا جاتا ہے کہ ہاں یہ ہو رہا ہے، پھر کہا جاتا ہے کہ نہیں ہو رہا ہے، آپ لوگوں کو خدشات ہیں، آپ لوگ اسے زیادہ بھاؤ دے رہے ہیں لیکن یہ آئین کی بھی violation کرتا ہے strictly in violation of the Constitution which is Article 154, which says the Council shall formulate and regulate policies in relation to matters enlisted at Part II of the Federal Legislative List and shall exercise supervision and control over related institutions اس کے بعد Article 155 بھی کہتا ہے کہ water related جتنے بھی matters ہیں وہ Council of Common Interests کی jurisdiction میں آتے ہیں۔ اب یہ مفادات کی جو مشترکہ body ہے Council of Common Interests وہ واضح طور پر اسے govern کرتا ہے، وہاں سے آئینی طور پر آئین کی مخالفت کرتے ہوئے ناک کے نیچے سے اسے نکالا جا رہا ہے یا تو یہاں ایک بڑے agricultural صوبے کی اتنی insensitivity ہے جو اپنے لیے دریائے سندھ کو شہ رگ سمجھتا ہے اور جو دریائے سندھ کا home ہے اس صوبے کو بغیر اس کی بات سنے آپ دانستہ طور پر محروم کر رہے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس صوبے کی نمائندگی، اس کی سربراہی، اس کی majority آپ کے ایک سیاسی اتحادی کے پاس ہے تو بہتر ہوتا in the spirit of all staying together and working together ہم سے کوئی مشورہ کیا جاتا، اس وقت جو معاہدہ float کیا جا رہا ہے یا تو یہ trial balloon ہے جس کو میں کہتی ہوں کہ ہم سب مسترد کرتے

ہیں۔ سندھ کی صوبائی اسمبلی میں اس کے خلاف قرار داد پیش ہو چکی ہے، ممبر نے clause by clause objection کیا ہے۔ جب ایک صوبے میں قحط سالی ہے، احساس محرومی ہے، وہاں کا ہر دانشمند، وہاں کا ہر intellectual ہر ,agriculturist ہر water expert اور ہر باشندہ کہہ رہا ہے کہ دیکھیں ہم پانی سے بری طرح محروم ہیں، آپ ایک صوبے کے پانی کو جو کہ ایک بڑا frankly hot button issue ہے، یہ صرف آئینی مسئلہ نہیں ہے، یہ political hot button issue ہے اور یہ لوگوں کی جان و مال، ان کے کھانے پینے، ان کی غذائی صحت کے حوالے سے ہے۔ ویسے ہی لوگ اس وقت قیمتوں اور بلوں کی چکی میں پس رہے ہیں، inflation اچھی بات ہے کہ نیچے آ رہی ہے لیکن جب آپ پانی، جو کہ ویسے ہی کم ہے، جیسا کہ میں نے کہا کہ 70% کوٹری بیراج میں already reduction ہے، پانی سمندر تک جاتا نہیں ہے۔ ہمارے بہت سارے دوست کہتے ہیں کہ وہ پانی کیوں جائے، وہ ضائع ہو رہا ہے، یہ زیاں نہیں ہے، یہ دنیا کی hydro-met science کا تقاضا ہے کہ دریا کے پانی کو نیچے جانا ہوتا ہے اور سمندر سے ملنا ہوتا ہے اگر ایسا نہیں ہو گا تو وہ جو delta areas ہیں، کوئی بھی وہاں چلا جائے، ان delta areas کا جو حشر ہوا ہے، چاہے وہ سجاول، ٹھٹھہ یا بدین وغیرہ ہوں، انہیں آپ دیکھیں، وہاں کتنی قحط سالی ہے اور کتنی پانی کی شدید کمی ہے کہ دل دہل جاتا ہے۔ وہاں جو communities رہ رہی ہیں وہ کس طرح رہ رہی ہیں۔ وہاں کی Fisheries تو بند ہو گئی ہیں، وہاں کی بہت سی agriculture ختم ہو گئی ہے، وہ cottage industry ایک بہت بڑی صنعت ہوتی تھی لیکن وہ سب ختم ہو گئی ہے۔ اسے ہم نے ignore کیا ہے۔ آپ وہاں کی soil کو دیکھیں، آپ زمین کو دیکھیں، جب آپ وہاں drive پر جائیں گے، چیئرمین صاحب آپ کی تو سندھ میں آمدورفت اور آنا جانا بہت ہے، آپ ذرا دیکھیے گا کہ flood کے بعد جو حشر ہوا ہے کہ ساری زمین سفید یعنی نمک آلود ہو گئی ہے اسے salinity کہا جاتا ہے، salinity is like death to the soil and the soil and this water یہ ہماری ماں ہیں تو ہماری ریاست سے بھی گزارش ہو گی، میں سمجھتی ہوں کہ بلوچستان کی بھی گزارش ہو گی اور یہ خدشہ ہو گا کہ خدارا آپ lower riparian صوبوں کی پہلے بات سنیں، اس Federation میں ویسے ہی اس وقت unrest ہے، بلوچستان کی اور محرومیاں ہیں تو آپ سندھ کو تو آپ گلے سے نہ chock

کریں، ہمارا گلا نہ سکھائیں اور ہم سے پوچھیں تو کہ ہمارے کیا مسائل ہیں؟ پوچھیں تو کہ آپ نے یہ کیوں لکھا، یہ مسودہ بار بار باہر floatکیا جارہا ہے اور ہمیں کہا بھی جا رہا ہے کہ آپ خدشے کا اظہار نہ کریں، کہا جا رہا ہے کہ Vice Chairman rotation پر ہو گا، کیوں بھائی، چیئرمین کیوں وفاق کا ملازم ہو گا؟ یہ آئینی body ہے، اس کا جواب دیا جائے۔ شکریہ جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

(Former Senator Saleh Shah *Sahib* is sitting in the gallery)

سینیٹر محسن عزیز: میں اتنا اچھا نہیں ہو سکتا لیکن on a motion of 218, I was asked to speak for five minutes اور مجھ پر احسان کیا گیا کہ سات منٹ بولے ہیں۔ آج کے calling attention کے حوالے سے میں کہتا ہوں کہ لوگوں کو express کرنے کا موقع ملنا چاہیے، میں آپ کو appreciate کر رہا ہوں، آج یہ چار یا پانچ آدمی calling attention لے کر آئے ہیں، 15 منٹ انہوں نے خود بات کی ہے تو مطلب یہ ہے کہ جب وہ آپ والی کرسی پر تشریف رکھتی ہیں تو تھوڑا اس کا بھی خیال رکھیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، .please order in the House چونکہ اس وقت میں نہیں تھا، اب میں ہوں تو اگر اس وقت کوئی بات ہے تو آپ کریں۔ Minister concerned.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: چلیں آپ بولیں۔

(مداخلت)

**<u>Senator Zamir Hussain Ghumro</u>**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: یہ پانی کا مسئلہ 1935 سے Government of Indus Federation سندھ اور پنجاب کے درمیان ہے اور پہلے Anderson Commission بنا تھا اور 1941 میں Rao Commission بنا تھا۔ اس کے Sindh and Punjab agreement 1945 enact ہوا تھا اور 1991 تک پاکستان میں پانی

کی جو regime تھی that was guided by Sindh Punjab Water Agreement 1945. Federal Government نے 1991 سندھ میں جام صاحب کی حکومت مسلط کرکے پانی کا 1991 میں Accord کیا۔

جناب چیئرمین: جام صاحب کا نام لیں اور بھی جام ہیں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جناب چیئرمین! مرحوم جام صادق کی حکومت تھی وہ سندھ پر مسلط کی گئی۔ شہید بے نظیر بھٹو نے کمو شہید پر دھرنا دیا تھا پانی کے issue پر کہ صوبوں کو نا لڑایا جائے جو Constitution میں mechanism ہے اس کو follow کیا جائے۔ 1991 میں جو Water Accord ہوا وہ کیونکہ پانی صوبوں کا subject تھا اور WAPDA اسے monitor کرتی تھی۔ WAPDA کو Constitution Legislative List Part 2 of 1973 Federal میں ڈالا گیا تھا تاکہ Council of Common Interest واپڈا کو control, supervise and manage کرے لیکن WAPDA کو آج تک Council of Common Interests نے نہ supervise کیا نہ control کیا اور اس پر ایک صوبے کا control رہا اور یہ Federation کے خلاف ہے۔

Water کا دوسرا subject جو دوسرا part ہے وہ totally Provincial ہے۔ Water Ministries بنی ہوئی ہیں Irrigation Ministries in all the four Provinces. یہ Water Accord جو 1991 میں چاروں صوبوں نے sign کیا اس کی implementation کے لیے 1992 میں IRSA Act آیا، Indus Water Treaty Accord. IRSA Act. تو جناب ارسا ایکٹ کے تحت جو اس کا کام ہے وہ water distribution کو یقینی بنانا according to Water Accord 1991.

جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ IRSA regulatory body ہے Legislative list Part 2 کے number 6 کے تحت All regulatory bodies established under the Federal Law are to be governed by the Council of Common Interests. باقی جو پانی کا part ہے وہ صوبائی subject ہے۔ IRSA کی composition کو پہلے caretaker

Government میں Ordinanceکےذریعے تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی اور ابھیFederal Government کا پانی میں stake ہی نہیں ہے کیونکہ Federal Governmentکا ناں تو agriculture subject ہے اور ناں ہی water subjectہے۔ صرف CCI کو Water and Power Development Authority چلاتی ہے۔ CCI is the dispute resolution mechanism under the Constitution for water and electricity affairs. CCI کو اور Provincial Governmentکوby-pass کرکےآئین کے Article 144میں یہ ہوتا ہے اگر کوئی Provincial subjectہے Parliamentاس کوregulate کرنا چاہتی ہے تو پھر Provincial Assemblies Resolution passکرتی ہیں۔ اس کے بعد Parliamentاس کو regulateکرتی ہے اور ParliamentکاActاگرآ جائےاور کوئی بھی صوبہ چاہے کہ میں اس کوrepealکرنا چاہتا ہوں تو according to Article 144 to the extent of that Provinceوہ صوبہrepeal بھی کرسکتا ہے۔

اس لیے یہ IRSA Act Provincesکے consentسے آیا ہے کیونکہ water ان کا subjectنہیں ہے اور اگر کل for example آئین کے Article 144کے تحت سندھ IRSA Actکوrepealکردےتوپانیکاپراناarrangementجو تھا 1945 between Punjab and Sindh، 48%پانی سندھ کوآئے اور 48%پانی پنجاب کوآئے۔ Equal sharing تھی بعد میں gun pointپر تبدیل کی گئی وہ عمل میں آ جائے گا۔اس میں تو Constitution break downہو جائے گا۔ میری صرف یہ گزارش ہے کہ پانی کا جو Constitutionمیں دو dispute resolution mechanismsہے،ایکCCIپانیاور بجلی کے بارے میں،ایکSupreme Courtہے جو باقی معاملات میں دو Constitutional dispute resolution mechanismہیں۔ CCIکی جو compositionہےوہ 8 membersہوتے ہیںequal representationپر ہوتے ہیں اور وہ بحث کرتے ہیں۔ اس میں ہمارا صرف

ایک ممبر ہے اور بلوچستان کا بھی ایک ممبر ہے، چار ممبرز پنجاب سے رکھے ہیں۔ اگر میں dispute لے آوں گا تو میری کون سنے گا اس میں ہمیشہ دو دو ممبرز ہوتے ہیں ہر صوبے سے 8 members of CCI ہیں وہ ان disputes کو resolve کرتی ہے اس کو بھی ناکام بنادیا گیا ہے اور Supreme Court کی جو original jurisdiction ہے وہ ہے

Supreme Court to the exclusion of every other court shall have original jurisdiction in any dispute between two or more Provincial and Federal Government.

دوسرا وہ ہے اس میں بھی Supreme Court نے اس حساب سے کیونکہ یہ dispute resolution mechanism ہے چاروں صوبوں کی برابر کی نمائندگی ہوگی۔ اس میں بھی دس جج لاہور سے آتے ہیں، پانچ کراچی سے آتے ہیں۔ Even this is unconstitutional. Constitution میں جو mechanism دیا گیا ہے اور ہمارا پانی upstream میں Federal Government Water Accord کو ناکام بنا رہی ہے۔ Federal government کا نہ تو agriculture سے تعلق ہے، نہ water سے تعلق ہے اور نہ یہ ان کے subjects ہیں۔ سندھ سراپا احتجاج ہے، سندھ اسمبلی Resolution pass کر چکی ہے ۔ تو لہٰذا اس matter کو۔۔۔

Mr. Chairman: Any other mover? You are a mover?

وہ بھی mover ہیں؟ نہیں نہیں سارے نہیں۔

(مداخلت)

**Senator Jam Saifullah Khan**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین ! بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: 5 minutes.

سینیٹر جام سیف اللہ خان: میں زیادہ وقت نہیں لوں گا میرے سے پہلے محترمہ شیری رحمان اور گھمرو صاحب نے بہت تفصیل سے اس پر روشنی ڈالی ہے۔ میں کوئی water expert تو نہیں ہوں لیکن میں سندھ میں پانی کا وزیر رہ چکا ہوں دو دفعہ Irrigation Minister تو سندھ کے پانی کی جو صورتحال ہے وہ مجھے اچھے طریقے سے معلوم ہے اور میں یا یہاں پر ہمارے سارے پنجاب

کے بھائی بھی بیٹھے ہیں، ہمارے پختون بھائی بھی بیٹھے ہیں، ہمارے بلوچستان کے بھائی بھی بیٹھے ہیں۔ میں ان سے صرف ایک عرض کرتا ہوں کہ جو ہماری معروضات ہیں ان کو کھلے دل سے سنیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ ایک تو یہ misconception ہے کہ پانی بہت زیادہ ہے اور پانی وہاں ضائع ہو جاتا ہے، پانی سمندر میں چلا جاتا ہے اور اس میں سیلاب وغیرہ آتے رہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب سے global warming start ہوئی ہے weather pattern drastically unpredictable ہو گیا ہے۔ ہمارے سندھ میں پانچ/پانچ چھ/چھ سال dry ہوتے ہیں drought ہوتا ہے یا پھر کبھی چھ سال کے بعد اضافی پانی آتا ہے اور وہ سیلاب کی صورت میں آتا ہے۔

یہ ایک جو misconception ہے۔ اگر آپ pattern دیکھیں پچھلے پچاس سال کا record دیکھیں گے تو اس میں ہمیشہ آپ کو لگے گا کہ پانچ/پانچ چھ/چھ سال جو drought ہوتا ہے اس کے بعد ایک دو سالوں کے بعد سیلاب آتے ہیں۔ میں Minister of Irrigation رہا ہوں مجھے معلوم ہے کہ جب پانی کم ہوتا ہے تو ہمارے تقریباً 7,8 districts جس میں عمر کوٹ، بدین۔ ہمارے جو بلوچستان کے بھائی ہیں، ہماری بہن یہاں بیٹھی ہوئی ہے۔ ہمیشہ پانی کی جب بھی shortage ہوتی تھی سب سے زیادہ مجھے جان جمالی صاحب فون کرتے تھے اور وہ پریشان ہوتے تھے۔ جب shortage ہوتی ہے تو نہ صرف بلوچستان میں سندھ کے تقریباً 7, 8 districts ہیں جس میں بدین ہے یہ سب اس سے متاثر ہوتے تھے اور تقریباً 10 lac acre زمین ہے وہ اس سے effect ہوتی تھی۔

جناب چیئرمین! ہمارے دوست جو پنجاب سے ہیں، دیکھیں میں صوبوں کے درمیان کوئی disharmony نہیں کرنا چاہتا۔ میں سمجھتا ہوں تمام صوبے بھائی ہیں اور میں صوبہ سندھ سے تعلق رکھتا ہوں اور میں آپ کو سندھ کے جو معروضات ہیں وہ پیش کروں گا تاکہ وہ تھوڑا کھلے دل سے سنیں۔ ہمارے دوست ہمیشہ کبھی بات کرتے ہیں کہ سیلاب آرہے ہیں تو پھر کالا باغ ڈیم بننا چاہیے یا ہمارے چولستان میں جو زمین ہے وہ پتا نہیں ابھی تک وہ زمین انہوں نے identify کی ہے اور نا اس کے لیے canal network بنایا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ آباد ہونی چاہیے کیونکہ پانی زیادہ ہے۔ آپ کو معلوم ہے جب شروع شروع میں Chashma Jhelum Link Canal

and Thal Canal بنے تھے یہ originally flood canals تھے کہ جب floods آئیں گے اسی وقت ان کو پانی دیا جائے گا لیکن آپ تقریباً بیس سالوں سے دیکھیں تو یہ regular canals بن گئے ہیں perennial canals بن گئے ہیں اور اس میں سارا پانی لیتے ہیں۔ آپ IRSA میں جو changes لانا چاہ رہے ہیں اس کا صرف ایک ہی مقصد ہے کہ کسی طریقے سے ان کی brute force کے through اور بلکل dictatorial طریقے سے اپنے فیصلے منوائیں۔

میری آپ سے گزارش یہ ہے کہ یہ بہت sensitive issue ہے اور IRSA ایک ایسی body ہے جس کا مقصد ہی پانی کو regulate کرنا ہے اور اس کا تقاضا ہے کہ انصاف سے پانی صوبوں میں جائے۔ ہماری تقریباً 2 million acre زمین ٹھٹہ کی، بدین کی ان کو سمندر کھا گیا ہے۔ وہ saline ہو گئی ہے جیسے ہمارے دوستوں نے بتایا تو یہ ساری چیزیں میں آپ سے گزارش کروں گا کہ تھوڑا open mind سے آپ یہ تو نہیں چاہیں گے کہ چولستان کو آباد کرنے کے لیے تقریباً 8 لاکھ ایکڑ زمین جو سندھ کی جو tail پر واقع ہے اس آباد زمین کو آپ غیر آباد کر دیں۔ یہ ہمارے بلوچستان کے جو بھائی ہیں ان کو جو پانی جاتا ہے وہ پانی بھی جب ہمارے سکھر بیراج میں پانی ایک level تک آتا ہے اس کے بعد ہم بلوچستان کو کیر تھر کینال کے ذریعے دیتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ پانی اس میں جائے گا ہی نہیں۔

جناب چیئر مین! میری آپ سے گزارش یہ ہے کہ اتنے سنجیدہ issue کو آپ اس طرح lightly نہ لیں اور یہ جو بدنیتی کی وجہ سے کام کیے جا رہے ہیں ان کو نہیں ہونا چاہیے۔ ہم ان کو کسی صورت میں بھی accept نہیں کریں گے۔

جناب چیئر مین: شکریہ۔ سینیٹر پونجو صاحب۔ آخری سپیکر، صرف پانچ منٹ تک بات کریں گے۔

**Senator Poonjo**

سینیٹر پونجو: جناب چیئر مین! آپ کی بڑی مہربانی۔ آج IRSA کے حوالے سے جو Calling Attention Notice ہے۔ جناب چیئر مین! میں پانی کے حوالے سے کافی چیزیں تاریخی لحاظ سے اس ایوان کے سامنے رکھوں گا۔ ہمارے جام سیف اللہ صاحب نے جس طریقے سے

فرمایا ہم تمام صوبے اور اکائیاں برابری کی بنیاد پر ہیں۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ تمام صوبے برابری کی بنیاد پر ہوں گے۔ تمام سیاسی جماعتوں کا یہی موقف ہے۔ Constitution میں بھی یہی حقوق ہمیں دیے گئے ہیں۔ سندھ کے ساتھ پانی کے حوالے سے جو زیادتی ہوتی رہی ہے میں اپنے ایوان کے سامنے پیش کروں گا۔

جناب چیئرمین! یہ 1859-60 میں جب یہاں پر انگریزوں کی حکومت تھی تو اس زمانے میں جب نہری پانی کے لیے انہوں نے کوششیں کیں تو اس وقت سندھ بمبئی کا ایک حصہ تھا۔ اس زمانے میں کمشنر نظام ہوتا تھا۔ اس زمانے میں جب انہوں نے نہری نظام رائج کرنے کی کوشش کی تو اس کمشنر نے احتجاج کیا کہ سب سے lower riparian Sindh ہے۔ آپ کے پانی کا تسلسل وہاں سے ہونا چاہیے لیکن پنجاب کے حکمرانوں نے اس زمانے میں اپنی ہٹ دھرمی قائم کرنے کے لیے یہاں پر پانی کا سلسلہ شروع کیا۔ ہم کہتے ہیں کہ حقوق کی بات ہے۔ آج ساری دنیا میں بین الاقوامی قوانین موجود ہیں کہ ہم lower riparian ہیں۔ ہم tail کے آبادکار ہیں۔ پانی پر سب سے زیادہ ہمارا حق بنتا ہے۔ ہمارے سندھ کا 80 فیصد پانی چوری ہوتا ہے۔ سندھ کے 8 اضلاع خشک سالی میں ہیں۔ وہاں پر نمکیات بڑھ گئی ہیں۔ Humanitarian ground پر ٹھٹہ، بدین، سجاول، تھرپارکر، عمرکوٹ اور میرپور خاص تک پینے کا پانی saline ہو چکا ہے۔ یہ IRSA تو ہم نے مجبوری میں قبول کیا تھا۔ ہمیں تو پانی کے حقوق 1945 کے مطابق چاہیے تھے مگر وہ ہمیں نہیں ملے۔ ہم اس زمانے سے اپنے حقوق مانگنے کے لیے پریشان ہیں لیکن آئے دن جو بھی حکمران آتے ہیں وہ یہی کوشش کرتے ہیں کہ ہم زیادہ سے زیادہ پانی کا استعمال کریں لیکن سندھ کے لوگ پریشان ہیں۔ وہ سندھ جس نے پاکستان کو جنم دیا۔ وہ سندھ جس نے پاکستان کی قرارداد پیش کی۔ وہ سندھ جس نے پاکستان کے تمام قوانین کے لیے جدوجہد کی۔ وہ سندھ جہاں سے ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے 1973 کا متفقہ آئین دیا۔ سندھ سے شہید بے نظیر بھٹو تھی جنہوں نے پاکستان کو برابری کی بنیاد پر ساتھ لے کر چلی تھی۔ اس نے بھی سندھ کو پانی کے لیے جدوجہد کی اور دھرنا دیا۔ جناب چیئرمین! ہم کہتے ہیں کہ آپ کاغذوں میں دیکھ لیں اور ریکارڈ چیک کریں ہمارے جو حقوق بنتے ہیں وہ آپ کو دینے ہوں گے کیونکہ پنجاب نے پہلے ہی تین دریا انڈیا کو فروخت کر دیے ہیں۔ اس وقت دو کروڑ کا معاوضہ سندھ کو ملنا تھا لیکن وہ سندھ کو نہیں ملا۔ وہ سب کچھ لیاقت علی خان جتوئی نے کیا۔

Upper riparian سے 8 کینال کے ذریعے سندھ میں پانی آتا تھا لیکن وہ پانی بھی وہاں سے پنجاب نے اٹھایا اور ہم سندھ کے لوگ پانی کے لیے ترس رہے تھے۔ تمام دوست جو یہاں پر تشریف رکھتے ہیں ہم ان کے ساتھی ہیں وہ خود آکر سندھ کو دیکھیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ 18th Amendment کے بعد Ministry of Water Resources غیر قانونی ہے۔ اس منسٹری کی آئین میں کوئی حیثیت نہیں ہے۔ وہ منسٹری کبھی کہتی ہے کہ کالا باغ ڈیم بنایا جائے اور اس کے لیے اتنے پیسے رکھے جائیں۔ یہ تو مشرف نے بھی کہا تھا کہ میں کالا باغ ڈیم کو آپ کے سامنے بناؤں گا۔ میں آپ کو guarantee دیتا ہوں کہ اس کی چابی میرے پاس ہوگی لیکن پتا نہیں ابھی چابی اس کے پاس ہے یا کسی اور کے پاس رکھی ہوئی ہے۔ زندگی اور موت کا کوئی پتا نہیں ہے۔ یہ سندھ کے لوگوں کے مرنے اور جینے کا مسئلہ ہے۔ ہم اس پر کوئی compromise نہیں کریں گے۔ سندھ ہماری ماں ہے۔ ہماری پارٹی اور پارٹی کی قیادت کا یہ فیصلہ ہے کہ ہم دریائے سندھ پر نہ کوئی ڈیم بننے دیں گے اور نہ کوئی پانی کا معاہدہ کریں گے۔ ہمارے جو حقوق ہیں وہ آپ کو دینے ہوں گے۔ سندھ کے لوگ یہ کہہ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین ! آپ کی بڑی مہربانی۔ میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع عطا کیا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی، سینیٹر سرمد علی صاحب۔

سینیٹر سرمد علی: جناب چیئرمین ! basically جو ہو رہا ہے وہ IRSA کے پورے structure کو تبدیل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ IRSA میں اس وقت صوبوں کے چار اور ایک وفاق کا نمائندہ ہے اور وہ by rotation ایک ایک سال کے لیے IRSA کے چیئرمین ہوتے ہیں۔ اب جو یہ تبدیلی لا رہے ہیں اس کے تحت وفاق کے دو نمائندے ہو جائیں گے کیونکہ چیئرمین بھی وفاق کی طرف سے ایک ریٹائرڈ bureaucrat ہوگا۔ یہ وفاقی حکومت کا ایک ذیلی ادارہ بن جائے گا بجائے اس کے کہ یہ ایک آئینی ادارہ رہے۔ اس میں وفاق کے دو نمائندے ہو جائیں گے کیونکہ ایک وفاق کا ممبر اور وفاق کا چیئرمین ہوگا۔ چیئرمین کی معیاد ملازمت چار سال ہوگی اور ممبر کی معیاد ملازمت تین سال ہے۔ تو یہ بالکل ایک robe sided قسم کی changes ہیں جو اس کے اندر کرنے کی کوشش کی جارہی ہیں۔ جب کسی چیز کی structure change کرنے کی کوشش کی جائے تو ضروری ہے کہ جتنے stakeholders ہیں ان کو اس میں شامل کیا جائے۔ ایک

consensus create کیا جائے۔ صرف fair and transparent water distribution کے حوالے سے بات کی جائے۔ اس کا مسودہ مختلف جگہوں پر circulate ہو رہا ہے۔ اس سے پہلے اس کو Council of Common Interests میں جانا چاہیے تھا۔ یہ ایک صوبے کا معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ چاروں صوبوں کا معاملہ ہے۔ یہ خالی وفاق کا معاملہ نہیں ہے۔ جب تک CCI میں unanimity نہ ہو، جب تک CCI میں consensus نہ ہو تب تک اس کو کہیں بھی table نہیں کرنا چاہیے تھا کیونکہ یہ صرف ایک سیاسی معاملہ نہیں ہے۔ نہ ہی یہ کوئی technical معاملہ ہے۔ یہ ایک human معاملہ ہے اور یہ climate کا بھی معاملہ ہے۔ اگر آپ دیکھیں کہ جس طرح climate changes ہو رہی ہیں۔ اس وقت سندھ میں ایک نئی قسم کی climate vulnerability آ رہی ہے۔ جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ ضلع ٹھٹہ، بدین، سجاول اور کوٹری یہ already water stressed ہیں۔ Salinity یہاں پر آ چکی ہے۔ یہ barren land بن چکی ہیں۔ جہاں پر کاشتکاری ہوتی تھی وہاں پر آج کاشتکاری کو ہم نے تقریباً ختم کر دیا ہے۔ لوگ کہاں جائیں گے۔ اس کو ایک human point of view سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ اس کو ایک climate point of view سے دیکھنے کی ضرورت ہے بجائے اس کے کہ ہم technical issues میں پھنس جائیں اور اس کو technicality پر دیکھتے رہیں۔ اس کو اس لیے Council of Common Interests میں لے کر جانا چاہیے اور وہاں پر بیٹھ کر ان کو دیکھنا چاہیے کہ انسان کی زندگی کی کیا قیمت ہے اور انسان کی خوراک کی کیا قیمت ہے۔ انسان کے رہن سہن کی کیا قیمت ہے بجائے اس کے کہ ہم بیٹھ کر bureaucratic فیصلے کریں اور bureaucrat کو ایک اور constitutional body کے اوپر مسلط کر دیں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Yes, please Minister Sahib.

**Senator Musadik Masood Malik, Minister for Petroleum and Water Resources**

سینیٹر مصدق مسعود ملک (وفاقی وزیر برائے پٹرولیم و پانی وسائل): جناب چیئرمین! بہت بہت شکریہ۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ جب سندھ کا ذکر ہوتا ہے تو مجھے ایسے ہی لگتا ہے جیسے میرا ذکر ہو رہا ہے۔ جو مقدمہ سندھ ہے وہ مقدمہ پاکستان کا ہے۔ جو مقدمہ خیبر پختونخوا، بلوچستان یا

پنجاب کا ہے وہی مقدمہ پاکستان کا ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس میں کوئی تفریق نہیں ہے۔ اگر کوئی چیز کسی ایک صوبے کو پسند نہیں آتی تو ہم نہیں کریں گے۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈسک بجائے)

سینیٹر مصدق مسعود ملک: کوئی بھی ایسا قانون نہیں ہے، کوئی بھی ایسا طریقہ کار نہیں ہے جس میں قانون اس پارلیمان سے گزرے بغیر بن جائے۔ ابھی تو وہ قانون آیا ہی نہیں ہے۔ یعنی اعتراض اس بات پر ہے جو ابھی سامنے ہی نہیں آئی ہے، وہ آ تو جائے لیکن میں سب سے پہلے جو بات کہنا چاہوں گا کہ پہلے تو ہم دونوں پارلیمانی ایوانوں کی instructions کے under ہیں اور قانون سازی صرف انہی کا حق ہے، وہ جو قانون بنائیں گے وہی قانون بنے گا۔ میں وزیراعظم صاحب کی direct ہدایت پر آپ کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ ہم اپنی ساری الحاقی جماعتوں کو ساتھ لے کر کیوں نہیں چلیں گے؟ ہم کیوں کوئی ایسی چیز کریں گے، کسی کے گمان میں بھی کیوں آتا ہے کہ کوئی ایسی چیز کریں گے جس سے ہمارا الحاق متاثر ہو۔ اگر آپ مجھ سے پوچھیں تو جو پارلیمانی حریف، ہمارے دوست ہیں، وہ دشمن نہیں ہیں، جن کے ساتھ across aisle بیٹھتے ہیں، ہماری کوشش تو یہ ہے کہ جتنے بھی قوانین بنیں وہ تمام قوانین ان کی بھی مشاورت سے بنیں، ہم ان کی بھی leadership کو ساتھ لے کر چلیں۔ کل ایک قانون جسے سینیٹر شبلی فراز صاحب نے تحریر کیا تھا جسے pass کیا گیا اور تمام پارٹیوں نے مل کر اسے کمیٹی سے نکالا ہے۔ اس میں جتنے اعتراضات تھے انہیں دور کیا گیا ہے، اس پر threadbare discussion ہوئی ہے تو یہ Bill کوئی exception نہیں ہو گا۔ یہ سب سے اہم بات تھی۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ مجھے جو کاغذ ابھی موصول ہوا ہے جسے ابھی آگے نہیں بڑھایا گیا، وہ IRSA کی طرف سے آیا ہے اور میں on the record یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ IRSA کے تمام ممبران نے اس پر دستخط کیے ہیں، یہ unanimously sign ہو کر آیا ہے۔ سندھ کی طرف سے Member Sindh احسن لغاری صاحب نے اس document پر sign کر کے اسے unanimous document کے طور پر میرے پاس بھیجا ہے۔ وہ document ابھی آیا ہے، آپ کے جو بھی اعتراضات ہوں گے وہ دور کیے جائیں گے لیکن یہ کہنا کہ اس document میں سندھ کی طرف سے اعتراضات اٹھائے گئے ہیں، میرے سامنے ایسی چیز

نہیں آئی ہے۔ وہ ایک document ہے جس پر IRSA کے تمام ممبران، including Member Sindh, IRSA احسن لغاری صاحب کے دستخط موجود ہیں۔ یہ دوسری بات ہے۔

جناب والا! تیسری بات یہ ہے کہ جو document ابھی دیکھا جا رہاہے، اس document کے مقاصد صرف یہ ہیں کہ پانی کی efficiency کو بڑھایا جائے۔ آپ نے دیکھا ہو گا کہ پانی پر کتنی لے دے ہوتی ہے، ہم اس پر گفتگو شروع کرتے ہیں، ہم سب پاکستانی ہیں لیکن جب پانی پر گفتگو شروع ہوتی ہے تو ایسا لگتا ہے کہ ہم دوسرے ممالک سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس بات کو صرف ایک ہی طریقے سے ختم کیا جاسکتا ہے اور وہ طریقہ یہ ہے کہ وہ بات جو opinions پر چل رہی ہے اس بات کو evidence کے under ground کر دیا جائے یعنی آج سے پہلے اس بات پر ہوتی تھی کہ ہمارے صوبے میں اتنا پانی آیا، ہم آپ کو report بھیج رہے ہیں، اب اس report کی بنیاد پر ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں زیادہ یا کم پانی آگیا ہے۔ اگر وہاں پر scientific telemetry لگی ہو تو یہ تمام معاملات evidence کی بنیاد پر، opinions کے بجائے، reports کی بجائے real time evidence کی بنیاد پر طے ہوں گے اور ایک بہت بڑا مقصد جو مسودہ ابھی آیا ہے جو آگے نہیں بڑھا ہے، اس کا ایک بہت بڑا مقصد یہ ہے کہ ان تمام opinions پر evidence لگا دیا جائے چاہے وہ چشمہ ہو، تونسہ ہو، پنجند ہو یا پٹ فیڈر ہو، RDO 109 ہو یا گھڑنگ ہو۔ ہر جگہ real time telemetry لگی ہو تاکہ real time flow سارا سامنے آسکے اور وہ تکرار جو ہماری opinions کی بنیاد پر ہوتی ہے وہ data کے ذریعے settle ہو جائے، یعنی ہماری آپس کی تکرار ہی ختم ہو جائے اور تکرار ہی تو ختم کرنی ہے۔ اگر کسی مسودے کا ایک بہت بڑا مقصد آپس کے تناؤ اور آپس کی تکرار کو ختم کرنا ہے تو اس میں کیا برائی ہے؟ اگر اس میں کچھ برا ہے تو کیا اس ایوان سے ماورا ہے؟ اسی ایوان میں lay ہو گا، یہیں سے کمیٹی میں جائے گا، تمام ممبران آئیں گے، سب بیٹھیں گے اور اگر آپ مناسب سمجھیں گے کہ یہ جگہ مناسب نہیں ہے، اس ایوان کی jurisdiction نہیں ہے کہ وہ پانی کے قوانین بنائے۔ اگر آپ اس پر یہ ruling دیں گے کہ یہ صرف CCI میں جائے گا، پانی کے معاملات پر پارلیمان وہ قانون سازی نہیں کر سکتی جو indicate کیا جارہا تھا۔ اگر آپ یہی فیصلہ کریں گے تو وہی قانون ہے جو آپ فیصلہ کریں گے، اس میں کیا جھگڑا ہے لیکن یہ بات صرف ایک دن تک محدود نہیں ہو گی۔ اگر آپ ایک مرتبہ یہ

فیصلہ کریں گے تو پھر اس کے بعد پانی پر قانون سازی قومی اسمبلی اور سینیٹ میں نہیں ہو گی۔ آپ جس چیز کو بھی پارلیمان سے باہر نکالیں گے، اس چیز کو پارلیمان سے permanently باہر نکالیں گے، ایک دن یا ایک Bill کے لیے نہیں نکلے گی۔ اس وجہ سے تھوڑا سا تدبر ہو۔ جناب والا! میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ کوئی چیز آپ کی مشاورت کے بغیر نہیں ہو گی تو پھر اس میں جھگڑے کی کوئی گنجائش ہی نہیں رہ جاتی۔

جناب چیئرمین! چوتھی بات یہ ہے کہ ابھی کہا گیا کہ زمین میں کچھ قحط وغیرہ کی صورت حال پیدا ہو رہی ہے۔ اس وقت agreement کے بعد چاروں صوبوں کی downstream کی جو report سامنے آئی، اس کے مطابق ہر سال Kotri downstream یعنی سندھ کے بعد سمندر میں جو پانی جاتا ہے وہ 8.62 million acre foot ہونا چاہیے۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پچھلے سال Kotri downstream میں 14.3 million acre foot پانی سمندر میں گیا، آٹھ نہیں، نو نہیں، دس، گیارہ، بارہ، تیرہ نہیں بلکہ چودہ۔۔

(مداخلت)

سینیٹر مصدق مسعود ملک: مان لیا، میں حاضر ہوں، میں کہاں جا رہا ہوں، آپ کے سامنے یہیں ہوں۔ اس سال اب تک چھ مہینے میں سیلاب نہیں آیا، 18.8 million acre foot پانی Kotri downstream سمندر میں جا چکا ہے، ساڑھے آٹھ کی ضرورت ہے، 18.8 million acre foot پانی جا چکا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Minister Sahib, please continue.

سینیٹر مصدق مسعود ملک: جناب چیئرمین! 2019 میں 15.25 million acre foot پانی گیا، 2020 میں 2.1 million acre foot پانی گیا، 2021 میں 42.14 million acre foot پانی گیا، 2022 میں 14.28 million acre foot پانی گیا اور اس سال چھ مہینوں میں 18.734 million acre foot پانی Kotri downstream جا چکا ہے۔ میں آپ کی بات مان لیتا ہوں، جب آپ بیٹھیں گی تو ہم اسے

درست کرلیں گے، جھگڑا کیا لیکن میرے پاس جو data ہے آپ مجھے اجازت دیں کہ میں وہ پیش کروں۔

(مداخلت)

سینیٹر مصدق مسعود ملک: میں نے تو ابھی بات شروع ہی کی ہے، مجھے بات تو کر لینے دیں، کیا مسئلہ ہے، میں حاضر ہوں۔ جناب چیئرمین! جب آپ کہیں گے تو میں بیٹھ جاؤں گا، جب آپ mic بند کریں گے تو mic بند ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ waterlogging and salinity کم پانی سے نہیں بلکہ زیادہ پانی سے ہوتی ہے۔ جب کسی بھی جگہ پانی زیادہ ہو تو اس کی seepage کی وجہ سے نیچے کا پانی اوپر آتا رہتا ہے جس میں salts ہوتے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر مصدق مسعود ملک: جناب چیئرمین! میں بات کرنے کی اجازت چاہتا ہوں، میں تو ایوان سے بات کرنے کی اجازت چاہتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ اگر آپ کو اتفاق نہیں ہو گا تو ہم نہیں کریں گے۔ جی۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: جناب والا! آپ نے حکم دیا، آپ نے اجازت دی تو میں نے بولنا شروع کیا، آپ جس وقت mic بند کریں گے تو میں بیٹھ جاؤں گا لیکن اگر آپ چاہیں گے تو میں اپنی بات مکمل کروں گا۔

جناب چیئرمین: جب ان کو موقع ملے گا تو وہ جواب دے دیں گے، آپ بات کریں۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: جناب چیئرمین! میں اپنی بات ختم کر رہا ہوں ۔پانی کے under seawater کو روکنے کے لیے 8.6 million acre foot پانی کا flow چاہیے۔ میں نے اس وقت آپ کو ہر سال کے جو flows دیے ہیں، صرف موجودہ سال میں جب سیلاب نہیں ہے، اس وقت 18.7 million acre foot پانی جا چکا ہے۔ میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ سمجھتے ہیں یہ اس سے بھی زیادہ جانا چاہیے تو لے لیجیے لیکن جب پانی کسی جگہ پر زیادہ

ہوگا، آہستہ آہستہ جب نیچے جائے گا تو پانی کی سطح بڑھتی جائے گی۔ جب پانی سطح کے اوپر آجائے تو اس کو water logging and salinity کہتے ہیں جس کے لیے پھر آپ کو drainage لگانا پڑتا ہے۔ اب یہ جو بڑے بڑے drains لگائے جارہے ہیں، وہ اس لیے لگائے جارہے ہیں کہ water logging and salinity ہوچکی ہے۔

جناب! میں آخری بات کرکے ختم کرتا ہوں، چونکہ اتنا تذبذب ہے تو میں بات ختم کردیتا ہوں۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ:

وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا
وہ بات ان کو بڑی ناگوار گزری ہے

(مداخلت)

جناب چیئرمین: مہربانی فرما کر تشریف رکھیے۔ جب آپ بول رہے تھے کسی نے آپ کو disturb کیا؟ آپ ان کو سنیں۔

سینیٹر مصدق مسعود ملک: چیئرمین صاحب! میں اپنے time اور اپنی تمام باتوں کو آپ کے سامنے retire کرتا ہوں کیونکہ بہت زیادہ تذبذب ہورہا ہے۔ میں صرف یہ کہوں گا کہ یہ ہاؤس جو فیصلہ کرے گا، صرف وہی ایکٹ کی شکل لے گا۔ یہ تمام لوگ جو یہاں بیٹھے ہیں، جس بل کو reject کریں گے، وہ rejected ہے۔ جس بل کو تمام ہاؤس بیٹھ کر threadbare discussion کے بعد accept کرے گا، اسے approve کرے گا، وہی اس ملک کا قانون ہے۔ اس کے علاوہ کچھ نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ لیڈر آف دی اپوزیشن! آپ نے جو کل پانچ گھنٹے محنت کی، اس کی رپورٹ صرف lay کروادیں۔ سینیٹر کامل علی آغا آرڈر نمبر 4 پیش کریں۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں اسے پیش کرنے سے پہلے دو باتیں ضرور کرنا چاہوں گا۔

جناب چیئرمین: پہلے move کرلیں، پھر اس پر بات کرلیں۔

## Presentation of Report of the Standing Committee on Science and Technology on [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024]

Senator Kamil Ali Agha: Ok sir. I, Chairman, Standing Committee on Science and Technology, hereby present report of the Committee on the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024].

Mr. Chairman: The report stands laid. Now, you can speak.

سینیٹر کامل علی آغا: جناب! آپ کی اجازت سے میں اس پر یہ عرض کرنا چاہتا ہوں، یہ معاملہ کمیٹی کو refer ہوا لیکن بد قسمتی سے اس کے اوپر مجھے اور میرے کچھ دوستوں کو اس پر اعتراض کرنا پڑا۔ اس اعتراض کے بعد چونکہ یہ پہلے غلطی سے فنانس کمیٹی کو refer کر دیا گیا، اس پر احتجاج ہوا۔

Mr. Chairman: I want to correct it; I referred it to the concerned Committee but Mandviwalla sahib said it will go to his Committee.

سینیٹر کامل علی آغا: یہی ہوا۔ آپ کی طرف سے نہیں ہوا۔ میں نے یہی protest کیا تھا کہ چیئرمین صاحب کی طرف سے یہ فنانس کمیٹی کو refer نہیں ہوا لیکن یہ کیوں ایک فرمائشی پروگرام کے تحت فنانس کمیٹی کو چلا گیا۔ بہر حال، متعلقہ کمیٹی جو کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی کمیٹی ہے، اس میں آیا۔ Initially یہ ڈرافٹ initiate ہی اسی وزارت اور اسی اسٹینڈنگ کمیٹی کی طرف سے کیا گیا۔ اس کے اوپر کافی کام ہو چکا تھا۔ اس کے بعد اس کو کابینہ ڈویژن کو بھجوا دیا گیا، کابینہ ڈویژن نے اسے وزارت دفاع کو دے دیا۔ میں آج بھی یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ ہوا ہے، یہ غلط ہوا ہے کیونکہ بنیادی طور پر یہ بل وزارت سائنس اور ٹیکنالوجی نے initiate کیا تھا۔

محترم جناب شبلی فراز صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کا تذکرہ ضرور کرنا چاہوں گا، کل یہ موجود تھے، انہوں نے fully participate کیا۔ یہ جو amendments ہم نے اس کے اندر دی ہیں، یہ ساری amendments اور یہ سارا draft اگر اسی حالت میں منظور ہو جاتا تو میں آپ سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں، یہ اس ہاؤس کے لیے ایک سیاہ دھبہ بن جاتا کیونکہ اتنا گندہ draft تھا۔ ہم نے چھ گھنٹے بیٹھ کر اسے final کیا۔ مصدق ملک صاحب کا میں شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اپنی ذہانت اور commitment کا ثبوت دیتے ہوئے، بہت ہی دلچسپی سے participate کیا۔ ہمارے ممبر زافنان اللہ خان صاحب نے اور ہماری بہن محترمہ حسنہ بانو صاحبہ نے بڑی ہی فعال قسم کی amendments تجویز کیں۔ تمام اراکین نے بہت دلچسپی لی، ناصر بٹ صاحب نے دلچسپی لی۔

جناب چیئرمین: لیڈر آف دی اپوزیشن کو پھر appreciate کریں کہ انہوں نے پانچ گھنٹے کام کیا۔

سینیٹر کامل علی آغا: جی بالکل۔ میں آپ سے گزارش کرنا چاہوں گا کہ پہلا draft بھی آپ ضرور دیکھیں۔ یہ credit ہے کہ آپ کی سرپرستی میں اتنا اچھا draft جا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ہاؤس کی تمام Standing Committees کی ہمیشہ دلچسپی یہ ثابت کرتی ہے کہ الحمدللہ، ہمارے Upper House کی دلچسپی اور فعالیت کی وجہ سے اچھے drafts تیار ہوتے ہیں، اچھے bills یہاں سے initiate ہوتے ہیں اور منظور ہوتے ہیں۔ میں اس موقع پر یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ محترم منظور کاکڑ صاحب اور میری طرف سے یہ amendment تھی کہ قومی اسمبلی کے دو اراکین اس کی گورننگ باڈی کے اندر شامل کیے گئے تھے لیکن سینیٹ کے اراکین نہیں تھے۔ ہم نے وہ والی شق بھی amend کر دی ہے اور اس میں include کر دیا ہے کہ سینیٹ کے دو اراکین بھی، ایک خاتون رکن اور ایک مرد رکن، آپ کی صوابدید پر شامل ہوں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you very much. I really appreciate it. Order No.8 has been deferred because the Minister has requested that he wants to appear personally before the House.

اب مجھے آپ کی side سے لسٹ ملی ہے، اِس side سے بھی آ جائے گی۔ I will try کہ ایک اِس side سے اور ایک اُس side سے میں کرتا جاؤں گا۔ لیڈر آف دی اپوزیشن۔

## Discussion on the issue of arrest of Members of the National Assembly belonging to PTI

### Senator Syed Shibli Faraz

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! میری آپ سے request ہوگی کہ اس طرف سے جو لسٹ آپ کو دی گئی ہے، آپ kindly انہیں سن لیں اور اس کے بعد اگر treasury benches یہ مناسب سمجھتے ہیں کہ اس کا جواب دینا ہے تو ضرور دیں۔ ہماری بات اگر ہو جائے تو اس سے زیادہ آسانی ہو جائے گی۔

چیئرمین صاحب! کل جو اس پارلیمنٹ میں ہوا، جس میں ہمارے اراکین قومی اسمبلی کو زبردستی اٹھالیا گیا، اس ہاؤس کی sanctity کو violate کیا گیا، اس ہاؤس کے تقدس کو پامال کیا گیا اور جس طریقے سے کل پارلیمنٹ کے باہر ایک spectacle لگا تو لگتا یہ تھا کہ یہ پارلیمنٹ ہاؤس مجرموں کی آماجگاہ ہے نہ کہ اس ملک کے 22 کروڑ عوام کے نمائندے یہاں پر بیٹھے ہیں۔ یہ بے توقیری ہر طرح سے قابل مذمت ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ پارلیمنٹ تو سب کی سانجھی ہےاور کل جو پارلیمنٹ کا وقار بری طرح مجروح ہوا اور یہ پورے پاکستان نے دیکھا لیکن Treasury benches سے اسے condemn کرنے کا ایک لفظ بھی نہیں آیا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جو واقعہ ہوا ہے، آپ اسے endorse کر رہے ہیں۔ آپ کو سوچنا چاہیے کہ اگر آپ کی جماعتیں پاکستان کی سب سے بڑی جماعتیں ہونے کے بعد سکڑ کر کم رہ گئی ہیں تو اس کی کیا وجہ ہے۔ اس کی وجہ اس قسم کی چیزیں ہیں جو آپ لوگ کرتے ہیں کیونکہ آپ نے عوام کو چھوڑ دیا ہے اور صرف ذاتی مفادات کے تگ ودو میں لگے ہوئے ہیں۔ دوسری طرف یہ ایوان جسے میرے خیال میں ایک Resolution pass کرنا چاہیے تھا کہ ہمارے Lower House میں جو بھی ہوا ہے، and as Parliamentarians چاہے وہ قومی اسمبلی کے ہوں یا سینیٹ کے یا Provincial Assemblies کے ہوں، سب کو اس کی مذمت کرنی چاہیے۔ یہ Parliamentarians کہلاتے ہیں اور عوام کے نمائندے ہوتے ہیں اور عوام کے نمائندے وہ

ہوتے ہیں جنہیں قوم نے اپنے ووٹ سے منتخب کیا ہوا ہو۔ عوام کے نمائندے وہ نہیں ہوتے جنہیں Form 47 کے ذریعے elect کر دیا گیا ہو۔ ابھی پارلیمان میں ان لوگوں کی موجودگی ہے جو عوام کے حقیقی نمائندے نہیں ہیں اور اسی وجہ سے اس شدت اور جذبے سے اس واقعے کو condemn نہیں کیا گیا۔ یہ پارلیمان ایک ایسا فورم بنا دیا گیا ہے کہ جس میں عوام کے لئے بات کم اور اس کے ذریعے کس طرح ایسے قوانین بنائے جائیں جن کے ذریعے پاکستان تحریک انصاف کو دیوار کے ساتھ لگایا جائے۔ دیکھیں آپ مانیں یا نہ مانیں، پاکستان تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے۔ باوجود تمام مشکلات کے، یہ 8 فروری اور 8 ستمبر کو بھی ثابت ہوا۔

جناب! اس ایوان نے بڑی جلد بازی میں ایک ایسا قانون پاس کیا اور وہ لوگ جو چیزیں سمجھتے ہیں، وہ یہ جانتے ہیں کہ پچھلے کچھ سالوں میں جتنے بھی قانون پاس ہوئے ہیں، ان میں سب سے شرمناک قانون یہ ہے کیونکہ اس سے پارلیمان نے اپنے پاؤں پر خود ہی کلہاڑی ماری ہے اور ہم استعمال ہوئے ہیں۔ ہم نے جمہوری قوتوں کے راستے میں دیواریں کھڑی کر دی ہیں۔ ابھی Minister for Commerce یہاں بیٹھے تھے۔ میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ پاکستان کی جو exports ہیں اور trade ہے، اس کے لئے یہ containers کراچی میں ہونے چاہیے تھے۔ یہ containers export کے لئے استعمال ہونے چاہیے تھے۔ ان containers کے ذریعے آپ نے پاکستانی عوام کے گرد ایک ایسا محاصرہ کر لیا ہے جس سے آپ export نہیں کر پا رہے لیکن اس پر خوش ہیں کہ ہم نے انہیں روک لیا اور اس شہر کو بہت محفوظ کر لیا۔ آپ نے جو قانون پاس کیا تھا، پاکستان تحریک انصاف اس میں شامل نہیں تھی بلکہ ہم نے اسے رد کیا تھا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے یہ قانون ان دنوں کے لئے بنائے ہیں تاکہ پاکستان تحریک انصاف کو contain کیا جائے۔ دیکھیں آپ جتنے بھی containers لگا دیں، وہاں لاکھوں کا مجمع تھا۔ ہم یہ پوچھنا چاہیں گے کہ کیا وجہ تھی کہ اس قانون اور legal permission کے بعد اور پورے route کی عمل داری کرنے کے بعد پاکستان تحریک انصاف کو ایک ایسی جگہ دی گئی جہاں میں چاہوں گا کہ یہ لوگ بھی جلسہ کریں۔ خیر ہے ہم آپ کے لئے لوگ بھجوا دیں گے کیونکہ اب آپ کے لوگ ناپید ہیں۔ پورے GT Road and motorway کو containers لگا کر block

کیا گیا تھا۔ اسی طرح پنجاب کی طرف بھی containers لگا کر راستے block کئے گئے تھے۔ اس جلسے کو ناکام کرنے کی ہر طرح سے کوشش ہوئی لیکن پھر بھی وہ کامیاب ہوئی۔

جناب! دیکھیں جذبہ ہوتا ہے۔ آپ لوگوں کے لئے جلسوں میں بریانی لاتے ہیں۔ ہم نہیں لاتے بلکہ لوگ ہمارے نظریے اور اس ملک اور پارٹی کی leadership کی محبت میں آتے ہیں۔ ہم کوئی transport بھی نہیں دیتے لیکن پھر بھی لوگ جوق درجوق آتے ہیں کیونکہ انہیں پتا ہے کہ اس وقت جو پارٹیاں حکومت میں بیٹھی ہیں، یہ اپنے ذاتی اور گروہی مفادات کے لیے ہیں اور اس کے علاوہ ان کا عوام کے ساتھ کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ جب ہر جگہ containers رکھے گئے تو شام تک لوگوں کو پہنچنے میں مشکل پیش آئی اور لاکھوں لوگ سڑکوں پر تھے۔ وہ جلسہ گاہ تک پہنچ بھی نہیں سکے کیونکہ اس طرف جانے والی روڈ بہت تنگ تھی۔ وہ 20 فٹ کی روڈ تھی اور اس پر two way traffic تھا اور اس وجہ سے time late ہوا۔ بدنیتی تو اس پر ہے کہ اس وقت Treasury benches پر جو لوگ بیٹھے ہیں، یہ سمجھتے ہیں کہ ہم ہمیشہ یہاں بیٹھے رہیں گے۔ انہوں نے جلسے کے لئے وقت کی جو conditions لگائیں کہ 3 سے 6 یا 4 سے 7 تک کا وقت ہوگا۔ یہ کوئی cinema show نہیں تھا کہ بس تین گھنٹوں میں ختم ہو جائے۔ لاکھوں لوگ آنے کی سمجھ آپ کو نہیں ہوگی کیونکہ جس وقت یہ پارٹیاں برسراقتدار آئیں اور چیئرمین صاحب آپ نے تو ذوالفقار علی بھٹو کا وقت بھی دیکھا ہوگا لیکن آج کی situation مختلف ہے اور آپ جلسوں کا مطلب ہی بھول گئے ہیں۔ آپ لوگوں کو بلا کر انہیں بریانی کھلاتے ہیں اور transport بھی دیتے ہیں۔ آپ پتا نہیں کیا کچھ کرتے ہیں اور جہاں دھمکی دینا ہو، وہ بھی دیتے ہیں۔ آپ teachers بھی اٹھا کر لاتے ہیں اور مختلف چیزیں کرتے ہیں۔ یہ جو ہوا، اس سے ایک موقع چاہیے تھا کہ ہم نے یہ جلسہ ناکام کرنا ہے لیکن جب انہوں نے دیکھا کہ باوجود تمام مشکلات کے، لوگ لاکھوں کی تعداد میں آئے اور پرامن طریقے سے آئے۔ پشاور کے لوگوں کو شام کو واپس لوٹنا تھا اور ان کے لئے راستے دونوں طرف سے بند تھے۔ یہ پاکستان کے لوگ ہیں اور پاکستان کے دشمن نہیں ہیں۔ یہ ایک سیاسی جدوجہد کر رہے ہیں۔ آپ اس قسم کے اقدامات کرکے نفرتیں بڑھا رہے ہیں۔ آپ کو اور ملک کو یہ suit نہیں کرتا۔

جناب! یہ ملک کس طرف جارہا ہے۔ یہاں کیا معاشی اور سماجی صورتحال ہے۔ سماج میں کتنے مسائل پیدا ہوگئے ہیں۔ مہنگائی ہے اور law and order خراب ہے۔ ادارے مفلوج ہو چکے ہیں۔فراز صاحب نے کہا تھاکہ

جنگل میں لپک رہے تھے شعلے
طاؤس کو رقص کی پڑی تھی

ملک میں جو بدحالی ہے، اگر آپ کو اس کا احساس نہیں ہوگا تو جب آپ ووٹ مانگنے جائیں گے تو پھر آپ کو پتا چل جائے گا۔آپ بس یہی سوچیں گے کہ ہمیشہ Form 47 ہے اور اسی کی مار ہے۔ایسا نہیں ہوگا۔اس وقت ملک شدید مشکلات میں ہے۔کل ایوان میں Finance Ministerآئے تھے۔ جو Finance Ministers and bankers ہوتے ہیں، وہ facts and figures بتاتے ہیں اور کوئی lecture نہیں دیتے۔ یہ ایک fact ہے کہ یہ جو political instability ہے، ہمارے باہر کے جتنے بھی دوست ممالک ہیں، انہوں نے ہمیں یہی کہا ہے کہ آپ اپنے ملک میں سیاسی استحکام لائیں۔ سیاسی استحکام اس طرح نہیں آتاجب آپ نے ملک کی سب سےبڑی سیاسی جماعت کو دیوار سےلگادیا ہو، جیلوں میں ڈال دیاہو۔ اس سےاگر ملک خوشحال ہوتاہے، اگر عمران خان کے جیل میں رہنے سے، پاکستان تحریکِ انصاف کے باقی لوگ جو جیلوں میں ہیں،ان کے جیلوں میں رہنے سےاگر یہ ملک ترقی کرتاہے،اگراس ملک میں عوام کے لیے خوشحالی آتی ہےتو ہم سو بار جیل میں رہیں گے،ہم وہاں عمر بھر رہیں گے لیکن ایسانہیں ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کے ملک کوایک معاشی استحکام چاہیے۔ان حالات میں foreign investment نہیں آسکتی، پاکستان کے لوگ باہر جارہے ہیں، نوجوان باہر جارہے ہیں، brain drain ہورہاہےاورflight of capital ہورہی ہے which is exacerbating the existing situation. بھائی! کیوں نہیں سوچتے؟ ہم بھی اسی ملک کے ہیں، ہم کوئی دشمن لوگ نہیں ہیں، ہم غزہ میں نہیں ہیں کہ ہمارے اوپر بمباری کی جائے۔ ہم اسی ملک کے باشندے ہیں۔ اسی ملک میں ہم نےاپنی زندگیاں گزار دی ہیں اور ہم نےاسی ملک میں زندگی گزارنی ہے۔ بیرون ملک ہماری properties نہیں ہیں کہ ہم کہیں کہ اگر اِدھر کچھ ہوگیاتو ہم ایک سوٹ کیس لے کر یہاں سے چلے جائیں گے۔اس قسم کی فضول حجت بازی سے ملک کے مسائل

حل نہیں ہوتے،اس ملک کے مسائل بہت serious ہیں۔Treasury والوں کو بھی میں کہنا چاہوں گا کہ اس situationکاادراک کریں۔اس طرح کا سلسلہ نہیں چل سکتا۔آپ بری طرح سے ناکام ہوگئے ہیں، مان لیں۔آپ بری طرح سے حکمرانی میں ناکام ہوگئے ہیں، کوئی چیز چل نہیں رہی ہے، صنعت کا کیا حال ہے، ملک کے اداروں کا کیا حال ہے، ملک کی sports کا کیا حال ہے۔آپ دیکھ لیں کہ یہ ساری چیزیں اسی طرف point کرتی ہیں کہ جو بھی surveys ہوتے ہیں،آپ نےاخباروں میں پڑھا ہوگا، 90% of the people مطمئن نہیں ہیں جس طرح یہ ملک جارہاہے۔ اب آپ مجھے بتائیں کہ دس میں سے نو لوگ اگر یہ بات کررہے ہیں تو سچی ہوگی۔آیا وہ نولوگ ملک دشمن ہیں،آیاان کو سمجھ بوجھ نہیں ہے۔ جو ایک فیصد ہے،ایک بندہ ہے،آیااس کو سمجھ ہے؟ ہوش کے ناخن لیں۔ یہ ملک ہمارے بس سے باہر جارہاہے۔ بلوچستان میں دیکھیں کہ کیا ہورہاہے۔ خیبر پختونخوا میں کس طرح دہشت گردی ہورہی ہے۔ آیا ہم مزید ان چیزوں کو aggravate کرناچاہتے ہیں۔

This is the time when we should sit and think about the country because

ملک نہیں ہوگا تو یہ پارلیمنٹ کیا،ادھر کوئی بھی نہیں ہوگا۔آپ کے پاس پاسپورٹ بھی نہیں ہوگا۔ فلسطینیوں سے پوچھیں کہ اپناملک کس قدر اہم ہوتا ہے۔

میں آخر میں یہ کہناچاہوں گا کہ آپ کب تک یہ ظلم کریں گے؟ یہ سیاسی سرگرمیاں، جو ایک جمہوری معاشرے کی بنیادی requirement ہوتی ہے جس میں لوگ اپنی leadership کو سنتے ہیں اور اس کے مطابق اپناذہن بناتے ہیں۔ اسی وجہ سےشاید ہمارا narrative لوگوں کو قبول ہواہے۔آپ کا narrative تو ہے نہیں،نہ آپ کے پاس ملک کو چلانے کا plan ہے،نہ آپ کے پاس competent لوگ ہیں کہ حکومت کو چلاسکیں،سوال گندم جواب چنا۔ جناب! یہ پچیس کروڑ لوگوں کا ملک ہے۔ یہ اتناآسان ملک نہیں ہے۔جب تک آپ اس کےاداروں کو،اس پارلیمان کو،اس پارلیمان کی قانون سازی کو عوام کے مفاد میں استعمال نہیں کریں گے تو I am very sorry to say then we have a very bleak future. The country should come first, not Peoples' Party, not PTI and not فلاں پارٹی،ملک ہے،اس کے عوام خوشحال ہیں تو یہ ملک آگے جائے گا۔ ہم

نے کئی مثالیں تاریخ میں دیکھی ہیں کہ کون کون سے ملک کس طرح ٹوٹ گئے۔ ہم اس قسم کا ماحول مزید afford نہیں کر سکتے۔ یہ ماحول ہمارے ملک کے لیے، ہمارے ملک کی معیشت کے لیے، ہمارے معاشرے کے لیے ایک زہر قاتل ثابت ہو رہا ہے۔ اس لیے میں چاہوں گا کہ آپ سب تھوڑا سا reflect کریں کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ How can you be sitting in a House and do not, یہاں آپ قانون pass کر دیتے ہیں، yes, because you are in majority. ابھی کسی نے کہا، شاید مصدق ملک صاحب نے کہا، کہ پورا ایوان agree کرے گا تو ہم pass کریں گے۔ پانی کی بات ہو رہی ہے۔ او بھائی! ملک کی بات ہو رہی ہے، اس میں آپ ایسے قوانین بنا رہے ہیں، ہم نے پہلے بھی کہا تھا، پارلیمانی لیڈر نے بھی کہا تھا، میں نے بھی کہا تھا، ہمارے اور کئی ساتھیوں نے کہا تھا کہ this particular law جو ہم نے اس ایوان سے بڑے فخر کے ساتھ law pass کیا تھا، وہ PTI specific تھا، وہ Imran Khan specific تھا اور 8 ستمبر جلسہ specific تھا۔ اور کوئی اس میں نہ wisdom تھا، نہ اس میں کوئی democratic spirit نظر آ رہی تھی، نہ اس میں sincerity نظر آ رہی تھی اور نتیجہ کیا ہوا کہ جی آپ نے چونکہ comma نہیں لگایا تو آپ کو تین سال اور دس سال کی قید ہو گی۔ What is this? Mr. Chairman, do we feel proud of passing such laws in this House? I am sure کہ ابھی بھی what you have on the anvil, ابھی بھی جو آپ کی movement دیکھ رہے ہیں کہ again you are going to spring some rabbit from the hat. میں آپ کو assure کرتا ہوں کہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے، چیزیں transparent کریں۔ چیزیں transparent نہیں ہوں گی تو اس کا مطلب ہے کہ کچھ غلط ہو رہا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: قائد حزب اختلاف، آپ نے خود unanimously ایک کمیٹی کی رپورٹ یہاں lay کی۔ ہم نے اسے یہاں abruptly pass نہیں کیا، so that it should be debated. اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ زیادہ سے زیادہ یہاں debate ہو۔ جی فیصل واوڈا صاحب۔

**Senator M. Fesal Vawda**

سینیٹر ایم ۔ فیصل واوڈا: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! پوری دنیا میں جتنے بھی leaders ہوتے ہیں، وہ environment دیتے ہیں، بندہ بدلتے نہیں، ماحول دیتے ہیں۔ اس ماحول کے تحت لوگ بدلتے ہیں۔ آپ اچھے کو برے کے ساتھ لگادیں تو وہ برا ہوجاتاہے۔ آپ برے کو اچھے کے ساتھ لگادیں تو وہ اچھاہو جاتاہے۔ دبئی کے شیخ محمد نے ماحول دیاہے۔ وہ Kingdom چلارہے ہیں لیکن مجھے لگتاہے کہ وہ زیادہ جمہوری ہیں جو اپنے ملک کو sincerity کا ماحول دے کر آگے لے جارہے ہیں۔ سعودی عرب میں آپ دیکھیں، محمد بن سلمان السعود بھی یہی کام کررہے ہیں، ماحول دے رہے ہیں۔ ہمارے یہاں ماحول چوری چکاری کاہے، گالم گلوچ کاہے، آگ لگانے کاہے، جلاؤ گھیراؤ کا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے پاس کوئی environment نہیں ہے۔ ہم نے حال ہی میں دیکھاکہ چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر صاحب نے اپنے ادارے کو ایک ماحول دیا۔ اپنے ادارے میں ایک justice system بناکر ایک ماحول دیاجس سے energy آئی۔ انہوں نے energetic کیاہے۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ایم ۔ فیصل واوڈا: آپ جب environment دیتے ہیں، میں نے جیسے کہاکہ چیف آف آرمی سٹاف اپنی institution کے چیف جسٹس ہیں۔ انہوں نے ایک ماحول دیاہے، وہ ایک justice system لائے ہیں۔ انہوں نے اپنا، پرایانہیں دیکھا، پاکستان کو ترجیح دیتے ہوئے اپنے اندر ایک accountability system لاکر اپنے جنرل کی accountability کرناشروع کردی۔ تو آپ نے ان کے environment میں بھی فرق دیکھاکہ ان کا ادارہ جو ہمارا پاکستان کا ادارہ ہے، ہم اس کے لیے pride لیتے ہیں کہ ہم نے اس میں energy دیکھی، نہ کہ ہم نے اپنوں میں بھی وہ energy دیکھی کہ گھٹن کاماحول ختم ہو رہاہے۔ ہمیں بھی یہی کام کرناچاہیے، احتساب میرا ہو یا کسی اور کا ہو، وہ اسی طرح ہوناچاہیے جیسے یہ ایک benchmark بنایا گیاہے۔

حضرت علی کا قول ہے کہ جو سب کا دوست ہے وہ منافق ہے۔ اب میں آپ کو یہاں منافقت کی بات سناناچاہتاہوں۔ کل تک تحریک انصاف NAB amendment کے خلاف

تھی لیکن اس سے فائدہ حاصل کرلیا۔ سب سے پہلے انہوں نے کہا کہ amendment نہیں ہونی چاہیے اور amendment سے فائدہ اٹھالیا۔ پھر کہا کہ آج سے ہمارے دروازے بند ہیں، ہم بات نہیں کریں گے تو بھائی Establishment سے بات کرنے کون آیا؟ ہمیں بھی تو پتا چلے، کوئی آئے گا تو آپ بات کریں گے نا، آپ نے کیا دروازے بند کردیے؟ پھر آپ نے کہا ملک default ہورہا ہے، پھر آپ نے IMF کو letter لکھ دیا، پھر آپ بلوچستان کی بات کررہے ہیں۔ آپ پاکستان کو توڑنے کی پریشانی نہ کریں۔ آپ پریشانی ماحول کی رکھیں، ماحول ہم نے کیا دیا ہے؟ میرا (ن) لیگ کی سیاست سے اختلاف ہے، یہاں پر مریم نواز صاحبہ کی بات نہیں ہورہی، یہاں arrest کے condemn کی بات نہیں ہورہی، اگر arrest پارلیمنٹ میں ہوا ہے تو ہم condemn کرتے لیکن تب کرتے نا جب آپ ملک توڑنے کی بات نہ کرتے، آپ ملک میں آگ لگانے کی بات نہ کرتے تو ہم آپ سے پہلے کھڑے ہوجاتے اور آپ کو بچانے کے لیے کھڑے ہوتے لیکن آپ ملک توڑنے کی بات کریں گے۔ آپ ماں بہن کی شرم حیا ختم کردیں گے۔ آج مریم نواز کی باری ہے، کل میری ماں کی باری ہوگی، میری بہن کی باری ہوگی اور میری بیٹی کی باری ہوگی۔ یہ کس قسم کی سیاست ہے؟ میڈیا کی خواتین کے ساتھ جو بات ہوئی۔ یہ مریم نواز صاحبہ کا سوال نہیں ہے، سوال یہ ہے کہ آج بھی ہم گنڈاپور کی ماں، بہن اور بیٹی کو اپنی ماں، بہن اور بیٹی سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ ہم پوری PTI کیا اپنے مخالف دشمن کی ماں، بہن اور بیٹی کو اپنی ماں، بہن اور بیٹی سمجھتے ہیں لیکن یہ کیا بینڈ باجے کے ساتھ آئیں گے؟ یہ کس قسم کی سیاست ہے؟ ہم پٹھان ہیں، پٹھانوں کو نہ بدنام کریں۔ آپ کو پٹھان، سندھی اور بلوچ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ اپنے حق کے لیے کھڑے ہونے کے لیے، اپنی غیرت کو سنبھالنے کے لیے آئیں۔

میں گنڈاپور کو کہتا ہوں آپ آئیں، آپ کے زلفوں کی قسم، آپ کی لٹ سے لپٹا کر، آپ کو ہم بتائیں گے۔ آپ پنجاب آئیں، سندھ آئیں یا اسلام آباد آئیں، آپ آئیں اور ایک بار آئیں ڈھول باجوں کے بغیر لپٹائیں گے، زلفوں سے لٹکا کر لپٹائیں گے اور آپ کو بتائیں گے کہ مسٹر گنڈاپور سے مسز گنڈاپور نہیں، مس گنڈاپور کے ساتھ مٹھائی کا ٹوکرا بھی دیں گے۔ جاتے ہوئے کہ آپ کو ہم نے جب یہاں سے روانہ کیا ہے تو ہم نے الٹا لٹا کر اپنا حق بھی ادا کردیا ہے۔ ہمیں نہ بتائیں کہ آج ہماری ماں، بہن اور بیٹیوں کا لحاظ نہیں ہوگا تو یہاں پر کچھ بھی نہیں بچے گا۔ یہ کیا روایت ہے، میری

ماں کا انتقال ہوا، میں اس پارٹی میں پندرہ سالوں تک رہا، اس پارٹی میں اپنا خون پسینہ دیا اور میری ماں جو بزرگ عورت، اس کی trolling کی جناب چیئرمین! یہ کہاں کی سیاست ہے؟ آج کہہ رہے ہیں کہ فوج، آپ فوج سے بات کرنے کے لیے مر رہے ہیں۔ آپ کے جتنے لوگ ہیں، وہ compromised ہیں۔ میں نے ابھی ایک ثبوت دیا ہے اگر میں نے یہاں سے بٹن دبانا شروع کیے تو کسی کو چھپنے کی بھی جگہ نہیں ملے گی، اندر خانے لگے ہوئے ہیں، پیر پڑتے ہیں، معافیاں مانگتے ہیں، منتیں کرتے ہیں پھر باتیں کرتے ہیں کہ آپ merit کی بات کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں پاکستان کو، آج پاکستان کی cricket team نہیں بننے دونگا، یہ cricket team نہیں ہے جو حال آج پاکستان کی cricket team کا ہوا ہے وہ حال میں پاکستان کا نہیں ہونے دوں گا۔ قابلیت پر لڑائی کریں۔ میں threat بنا ہوا ہوں، میں کوئی چیز نہیں ہوں، مجھے power سے گھسیٹ لیتے ہیں کبھی ministry سے ہٹا دیتے ہیں کبھی سینیٹر سے گرا دیتے ہیں اور کبھی کچھ کر دیتے ہیں۔ میری strength تو نہیں روک سکتے وہ تو بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ مجھے جو سکھانے والے تھے پڑھنا بھول گئے، میں تو یاد رکھتا ہوں، میں تو لڑائی لڑتا ہوں بیسویں فلور پر چالیسویں فلور کی، چالیسویں فلور پر کھڑے ہو کر ایک سو بیسویں فلور پر، آپ performance پر بات کریں۔ گنڈا پور صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہم جیل توڑیں گے جناب چیئرمین! میں اب آپ سے پوچھتا ہوں کہ جیل توڑنے کا مقصد ہے کہ عمران خان صاحب کی جان کی ذمہ داری بھی اب گنڈا پور کی ہے۔ یہی کام انہوں نے ارشد شریف صاحب کے ساتھ کیا۔ ارشد شریف کا میں نے کل ایک شواہد دیا تو پورا پاکستان ہلا دیا ہے، میں نے ابھی ایک دیا ہے۔ وہ humpty dumpty جو بیٹھے ہیں وہ ملک کے باپ بنے ہیں، ایک بٹن دبانے پر منہ دکھانے کے قابل نہیں چھوڑوں گا لیکن میں گھٹیا سیاست نہیں کرتا، ذاتیات پر سیاست نہیں کرتا، front سے لڑتا ہوں، کمزور آدمی نہیں ہوں۔ یہ کرسی اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہے، میں شکر ادا کرتا ہوں، جنہوں نے support کیا ان کی مہربانی ہے لیکن this is an underpaid chair for me یہ میری آخری کرسی نہیں ہے، وہ مجھ سے راضی رہے۔

ارشد شریف کے کیس میں یہ کیسا اتفاق تھا کہ سب کو پتا تھا، تحریک انصاب کے بانی سے لے کر فیض حمید تک، کہ کیا ہونے والا ہے۔ آپ نے ایک بے گناہ آدمی کو اپنی سیاست کے لیے مروا

دیا، شہید کروا دیا۔ پھر کہتے ہیں کہ ہم بات نہ کریں۔ آپ کہتے ہیں کہ گنڈا پور صاحب باپ کا باپ کریں گے، ہاں آپ کی پرورش میں آپ کو ہی سکھایا گیا کہ اپنی اولاد کو بھی نہ مانو تو آپ باپ کو کیا مانیں گے؟ آپ نے تو آج تک اپنی اولاد بھی نہیں مانی ہے تو آپ بات کو کیا مانوگے۔ جس باپ کی آپ بات کررہے ہیں اس باپ کے سر پر بیٹھ کر تو آئے تھے۔ سیاسی طور پر آج آپ کو لاوارث اس وجہ سے محسوس ہورہا ہے کیوں کہ وہ باپ ابھی اندر ہے، فیض حمید۔ آپ اس کی کرسی پر بیٹھ کر آئے تھے، اس کی گود میں بیٹھ کر آئے تھے، آج آپ مجھے بتا رہے ہیں؟ یہاں میرے PTI کے colleagues ہیں، ان کی ساری families میری family سے اوپر ہیں لیکن مجھے کئی چہرے تو 500 بندوں کی meetings میں بھی نظر نہیں آئے، وہ آج ہمیں اس پارٹی کے بارے میں بتارہے ہیں۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ یہ ڈرامہ، جناب چیئرمین! میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ جو کہانی آپ بار بار کررہے ہیں کہ آدھا تیتر اور آدھا بٹیر کررہے ہیں۔ اگر آپ نے کل ایک ڈرامہ کرلیا تھا، فیصلہ کیا تھا تو آج آپ کیا ڈرامہ کررہے ہیں؟ حکومت کیا کررہی ہے؟ حکومت ہوش کے ناخن لے نا، حکومت کو سوچنے کی ضرورت ہے۔

(مداخلت)

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب چیئرمین! یہ آپ کا کام ہے House in Order کریں۔ جب وہ بولتے ہیں تو ہم نہیں بولتے۔

(مداخلت)

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: حیثیت میں تو آپ کو جانتا بھی نہیں، میں تو آپ سے بات بھی کرنا پسند نہیں کروں گا۔ جناب چیئرمین، میں آپ سے مخاطب ہوں۔ کس کی کیا حیثیت ہے؟ کس کی حیثیت ہے؟ کل گنڈاپور patties کھا کر گیا ہے اور کہا کہ jammers تھے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب چیئرمین! یہ آپ کا کام ہے کہ House in order لائیں

۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ relax کریں۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: چیخنے اور چلانے سے کچھ بھی نہیں ہوگا، اب merit کی بات ہوگی۔

(مداخلت)

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب چیئرمین! ان کو اقتدار دے دیں، یہ کیسی زبان استعمال کر رہے ہیں۔ یہ ملک توڑنے کی سازش کر رہے ہیں، جو خواتین کو جس نام سے پکار رہے ہیں۔ ہم یہاں پر لال رومال لگالیں؟ ان کو اقتدار دے دیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: ان کو اقتدار دیں۔ ہم یہاں پر کیا لال رومال لگا کر بیٹھے ہیں؟

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please take your seat, please continue.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب چیئرمین! آپ کو House in order لانا پڑے گا۔ دیکھیں I can't speak. آپ ہمیں، ہماری ماؤں، بہنوں کو گالیاں دیں اور آپ ماں، بہنوں کی trolling کریں اور کیا ہم برداشت کریں گے؟ میری ماں کو گالیاں دیں گے تو کیا ہم برداشت کریں گے۔ کسی کی بہن کو بینڈ باجا کہہ دو، آؤ اور آ کے دکھاؤ۔ آپ ارشد شریف کی تڑپ دیکھ رہے ہیں۔ ابھی تو کام شروع ہوا ہے۔ آپ ارشد شریف کی تڑپ دیکھیں۔ ہمیں بتا رہے ہیں کہ عمران خان کی عزت کرو۔ ہم نے اس پارٹی کو پندرہ سال دیے ہیں۔ پیسا بھی دیا ہے، خون بھی دیا ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please Order in the House.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب! میری آپ سے گزارش ہے کہ ---

جناب چیئرمین: آپ سب بیٹھ جائیں۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: مجھے آواز نہیں آ رہی، میں نے تو نہیں کہا۔ میری ماں کو کہہ رہی ہے۔ کیا کہہ رہی ہے،...[1][***]

[1] *"Word expunged as ordered by the Chairman.".*

جناب چیئر مین: سینیٹر ایمل ولی خان صاحب! آپ تو تشریف رکھیں۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: نہیں جناب! میری باری ہے، یہ ,abusive language ان کو ادھر لے جائے گی۔ یہ پاکستانی حکومت کی کمزوری ہے، یہ پاکستانی اداروں کی کمزوری ہے کہ کھلے عام گالیاں چل رہی ہیں۔ کھلے عام jail break کی باتیں کر رہے ہیں۔ کھلے عام غنڈہ گردی کی باتیں کر رہے ہیں، ارشد شریف کو کھلے عام قتل کروا دیتے ہیں۔ ہم گالی کس طرح سنیں گے، ہم گالی کا جواب گالی سے نہیں دیں گے، ہم دلیل سے جواب دیں گے۔ آپ گالی دے رہے۔ ان کو arrest کروائیں۔ Sergeant کو بلوائیں. they should be arrested.

Mr. Chairman: If any words are used, they stand expunged.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب! Expunge سے کام نہیں چلے گا، آپ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے کپڑے اُتر جائیں، آپ کہہ رہے ہیں کہ expunge۔۔۔۔

جناب چیئر مین: آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: ہماری ماں، بہن، بیٹیاں محفوظ نہ رہیں، تو expunged ہو جائیں۔

جناب چیئر مین: آپ تشریف رکھیں۔ otherwise میں۔۔۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: اگر خواتین یہ زبان استعمال کریں گی تو پھر پارٹی کا کیا ہو گا۔ یہ کل کہہ رہے تھے کہ علی امین گنڈا پور کا پتا نہیں ہے کہ اس نے کیا کہا ہے، آج کہہ رہے ہیں کہ میں اس کی بات کو endorse کرتا ہوں۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: I agree with you,

آپ بیٹھ جائیں اور ان کی تقریر مکمل ہونے دیں۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: آپ نے کہا کہ اس کی arrest کی مذمت کریں۔

جناب چیئر مین: میں نے وہ expunge بھی کئے ہیں۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: The words stand expunged.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب! یہ expunge سے کام نہیں چلے گا، you have to take an action. یہ پاکستان کا مذاق بند کریں، گالیاں سننے آیا ہوں یا ہم نے لال رومال رکھا ہوا ہے، بینڈ باجے کے ساتھ آئیں گے، ہر کسی کو اپنے جیسا سمجھا ہوا ہے۔

Mr. Chairman: The words stand expunged.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: کیا میں یہاں گالیاں سننے آیا ہوں؟ یا یہاں ہم نے لال رومال رکھا ہوا ہے۔ بینڈ باجے کی بات ہو رہی ہے۔ ہر کسی کو اپنے جیسا سمجھا ہوا ہے۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: آپ جاری رکھیں۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: وہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ ہم۔۔۔

**(مداخلت)**

Senator Muhammad Fesal Vawda: Mr. Chairman, she has to apologize for her behaviour. She has to apologize.

Mr. Chairman: Those words stand expunged. اگر next time...

*(Interruption)*

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: چیئرمین صاحب، یہ گالی کا رواج پھر کہیں اور تک جائے گا۔ ہم گالی کا جواب پھر گالی سے نہیں دیں گے۔

**(مداخلت)**

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: چیئرمین صاحب! چیئرمین صاحب! چیئرمین صاحب! میری گزارش سنیں۔ چیئرمین صاحب! آپ کہہ رہے تھے کہ۔۔۔

Mr. Chairman: Please one minute. I want to make an announcement.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: چیئرمین صاحب! میری گزارش سنیں۔ آپ کہہ رہے تھے۔ آپ سارجنٹ کو بلائیں، she should be thrown out of the House, right away.

جناب چیئرمین: آپ بیٹھیں۔ I want to make an announcement.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: گالی دینا کسی کا حق نہیں ہے۔ یہ جہالت اور غلاظت ہے۔ یہ [2] [***] نہیں ہے۔ یہ پاکستان ہے، اس کی اسمبلی ہے۔ یہ پارلیمنٹ کے arrest کی مذمت کی بات کرتے ہیں۔ جب شہیدوں کا تمسخر اڑایا تھا، 9 مئی کیا تھا۔۔۔

Mr. Chairman: Order in the House. Take your seats. The word [***] used stands expunged.

Senator Muhammad Fesal Vawda: Sir, you cannot take any decision on my behalf, on my integrity. She should be thrown out, suspended.

Mr. Chairman: I have expunged the word [***] and if she is not making the House in order, then I have to suspend her. Please take your seats. I will suspend her if she is not behaving like this.

Senator Muhammad Fesal Vawda: Chairman sahib, you have to take action. You can't be a weak man.

Mr. Chairman: I will suspend you.

(مداخلت)

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب! آپ کو suspension کرنی پڑے گی۔

جناب چیئرمین: آپ کو باری ملے گی۔ میں نے وہ لفظ expunge کر دیا ہے۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب! آپ کے expunge کرنے سے میں تو نہیں مانتا۔ پھر میں double نام سے پکار دوں، پھر آپ expunge کر دیجیے گا۔ یہی تو problem ہے آپ لوگوں کی، کہ جب لوگ معافی مانگتے ہیں تو آپ معاف کر دیتے ہیں۔ جب گالی دیتے ہیں تو اجازت دے دیتے ہیں۔ یہ ڈرامہ بند کریں۔ کل جو ہوا، اگر تقریر میں گالم گلوچ اور ماں، بہن، بیٹی کے شرم کا لحاظ کیا ہوتا تو یہ نہ ہوتا۔

---

[2] *"Words expunged as ordered by the Chairman."*.

جناب چیئرمین: آپ نہیں بولنے دیں گے تو پھر اُس طرف سے بھی کوئی نہیں بولے گا۔ اگر ان کو نہیں بولنے دیں گے تو ادھر سے بھی کوئی نہیں بولے گا۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: نہیں جناب! آپ کو suspend کرنا پڑے گا۔ چیئرمین! اگر آپ نے ایکشن نہیں لیا، you are compromising the writ of the Government. آپ اسمبلی کی writ کو question کر رہے ہیں۔ پھر عزت کون کرے گا کسی کی؟

جناب چیئرمین: ان کو apologize کرنا پڑے گا۔ اگر وہ apologize نہیں کریں گے تو پھر ہم suspend کر دیں گے۔ انہیں apologize کرنا ہوگا۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: چیئرمین صاحب! میں نے گالی کا جواب گالی سے نہیں دیا۔

(مداخلت)

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: چیئرمین صاحب! یہ مذاق اب بند کروائیں۔ کبھی کسی کی ماں، بہن، بیٹی کو ڈھول باجوں کے ساتھ مخاطب کیا جاتا ہے، کبھی فوج کی تذلیل کرنا اور مذاق اڑانا، کبھی جیل break کرنے کے ڈرامے، کبھی غنڈہ گردی، کبھی بدمعاشی۔ چیئرمین صاحب! آپ کو ایکشن لینا پڑے گا۔ اب ایکشن کی بات ہے۔

Mr. Chairman: She should apologize.

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: یہ ڈرامہ پاکستان میں چلتا رہا ہے کہ گالی دی اور معافی مانگ لی۔ اس کو چھوڑ دیا، اُس کو چھوڑ دیا۔ چیئرمین صاحب! آپ کو ایکشن لینا پڑے گا۔ یہ میری integrity ہے۔ میری ذاتی integrity ہے regardless that I am a Senator.

جناب چیئرمین: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ وہ معافی مانگ لیں تو پھر ٹھیک ہے۔

سینیٹر ایم۔ فیصل واوڈا: جناب! یا معافی ہو گی یا پھر تین سال کے لیے رکنیت suspend ہو گی۔

جناب چیئرمین: Leader of the Opposition کو جواب دینے دیں۔ Listen to the Leader of the opposition please.

**Senator Syed Shibli Faraz (Leader of the Opposition)**

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): دیکھیں چیئرمین صاحب۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم اس میں یقین رکھتے ہیں اور میں یہ کہوں گا کہ جب میں تقریر کر رہا تھا تو سب نے سنا۔ Comments وغیرہ آتے رہتے ہیں لیکن generally at large میری بات سنی گئی۔ دوسرے نمبر پر یہ کہ جب تقاریر inflammatory ہو جائیں تو اس میں ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ ہم کسی کی leadership کے بارے میں بات نہ کریں کیونکہ ہر ایک کی پارٹی ہے، ہر ایک لوگوں کا اپنا نکتہ نظر ہے کہ آپ، ظاہر ہے، نہیں چاہیں گے کہ ہم خدانخواستہ بھٹو صاحب کے بارے میں کوئی بات کریں یا بی بی شہید کے بارے میں بات کریں۔ اسی طرح نواز شریف کے بارے میں۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: جی، کس کے بارے میں۔ آپ دیکھیں ادھر اس وقت ہم اس House کی بات کر رہے ہیں۔ آپ اگر اس پر تیل چھڑکنا چاہتے ہیں تو۔۔۔

Mr. Chairman: Please take your seats.

Senator Syed Shibli Faraz: So, let's cool down, try not to be provocative. Let's respect each other.

*(interruption)*

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! آپ مجھے بتائیں۔ دیکھیں، آپ مجھے بتائیں۔ دیکھیں، پھر میں بیٹھ جاتا ہوں۔ ٹھیک ہے، میں بیٹھ جاتا ہوں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Leader of the Opposition. Please don't disturb Leader of the opposition.

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: دیکھیں۔ میری بات سنیں۔ یار یہ تم لوگ جلتی پر آگ لگا رہے ہو۔

I am saying you guys instead of pacifying the situation, you are aggravating it.

(مداخلت)

Mr. Chairman: I want to make an announcement. Let me, I want to make an announcement. I hereby, please. I want to make an announcement. I want to make an announcement.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Please, I am announcing. Don't use this word. Expunged. Address the Chair. Please sit down.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Please order in the House. I hereby suspend Senator Falak Naz for two days. The House is adjourned to meet again on Thursday, the 12th September, 2024 at 3:00 pm.

--------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 12th September, 2024 at 3:00 pm.]*

--------------